اللہ اوپر اسکے وہ یہ ہے بندگی کر اللہ کو اور نہ شریک کر ساتھ اسکے کسیکو اور سیدھا کر نماز کو اور دے زکوٰۃ

وَتَصُومُ رَمَضَانَ وَتَحُجُّ الْبَيْتَ ثُمَّ قَالَ اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى اَبْوَابِ الْخَيْرِ اَلصَّوْمُ

اور روزہ رکھے رمضان کے اور حج کرے خانہ خدا کا پھر فرمایا کیا نہ بتلاؤں میں تجھکو دروازے خیر کے روزہ

جُنَّةٌ وَالصَّدَقَةُ تُطْفِئُ الْخَطِيئَةَ كَمَا يُطْفِئُ الْمَاءُ النَّارَ وَصَلٰوةُ الرَّجُلِ

ڈھال ہے اور صدقہ بجھا دیتا ہے گناہ کو جیسا بجھاتا ہے پانی آگ کو اور نماز شخص کی

فِي جَوْفِ اللَّيْلِ ثُمَّ تَلَا تَتَجَافٰى جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ حَتّٰى بَلَغَ يَعْمَلُونَ

درمیان رات کے پھر پڑھی یہ آیت تتجافی جنوبہم عن المضاجع بہانتک کہ پہنچے یعملون تک

ثُمَّ قَالَ اَلَا اَدُلُّكَ بِرَاْسِ الْاَمْرِ وَعَمُودِهِ وَذِرْوَةِ سَنَامِهِ قُلْتُ بَلٰى يَا

پھر فرمایا کیا نہ بتلاؤں میں تجھکو سر امر کا اور ستون اسکا اور بلندی کوہان اسکی کی کہا ہاں میں تمہیں بتلا دیجیے

رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ رَاْسُ الْاَمْرِ الْاِسْلَامُ وَعَمُودُهُ الصَّلٰوةُ وَذِرْوَةُ سَنَامِهِ

رسول اللہ فرمایا سر کام کا اسلام ہے اور ستون اسکا نماز ہے اور بلندی کوہان اسکی کی

اَلْجِهَادُ ثُمَّ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكَ بِمَلَاكِ ذٰلِكَ كُلِّهِ قُلْتُ بَلٰى يَا نَبِيَّ اللّٰهِ

جہاد ہے پھر فرمایا کیا نہ خبردار کروں میں تجھکو ساتھ اسکے کہ مالک اور جڑ ہو ان سب کی کہا ہاں میں تمہیں بتلا دیجیے اے پیغمبر خدا کے

فَأَخَذَ بِلِسَانِهِ وَقَالَ كُفَّ عَلَيْكَ هٰذَا فَقُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ وَإِنَّا لَمُؤَاخَذُونَ

پس پکڑی زبان مبارک اپنی اور فرمایا بند کر تو اوپر اپنے اسکو پھر کہا میں نے اے نبی خدا کے اور کیا ہم پکڑے جاوینگے

بِمَا نَتَكَلَّمُ بِهِ قَالَ ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ يَا مُعَاذُ وَهَلْ يَكُبُّ النَّاسَ فِي النَّارِ عَلَى

ساتھ اسچیز کے کہ ہم بولتے ہیں ساتھ اسکے فرمایا گم کرے تجھکو ماں تیری اے معاذ اور نہیں گراتے لوگوں کو منہ اونکے یا ناک اونکے

وُجُوهِهِمْ أَوْ عَلَى مَنَاخِرِهِمْ إِلَّا حَصَائِدُ أَلْسِنَتِهِمْ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ

مگر باتیں زبانوں اونکی کی روایت کی یہ احمد اور ترمذی

وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَحَبَّ لِلّٰهِ

اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے ابی امامہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کہ محبت کرے واسطے

وَأَبْغَضَ لِلّٰهِ وَأَعْطَى لِلّٰهِ وَمَنَعَ لِلّٰهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ الْإِيمَانَ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

اور بغض رکھے واسطے اللہ کے اور دے واسطے اللہ کے اور نہ دے واسطے اللہ کے پس تحقیق پورا کیا اسنے ایمان روایت کی یہ ابوداؤد نے

وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنْ مُعَاذٍ بِنَحْوِهِ وَعَنْ أَنَسٍ مَعَ تَقْدِيمٍ وَتَأْخِيرٍ وَفِيهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ

اور روایت کی یہ ترمذی نے معاذ بیٹے انس سے ساتھ تقدیم اور تاخیر کے اور اسمیں ہے پس تحقیق کامل کیا

إِيمَانَهُ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْضَلُ الْأَعْمَالِ الْحُبُّ

ایمان اپنے کو اور روایت ہے ابی ذر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بہترین عمل دوستی رکھنی ہے

فِي اللّٰهِ وَالْبُغْضُ فِي اللّٰهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

بیچ راہ خدا کے اور دشمنی رکھنی بیچ راہ خدا کے روایت کیا اسکو ابوداؤد نے اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ وَالْمُؤْمِنُ مَنْ

خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پورا مسلمان وہ ہے کہ سلامت رہیں مسلمان زبان اسکی سے اور ہاتھ اسکے سے اور پورا مومن وہ ہے

أَمِنَهُ النَّاسُ عَلَى دِمَائِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَزَادَ

کہ امن میں رہیں اس سے لوگ اپنے خونوں پر اور مالوں پر روایت کیا اسکو ترمذی نے اور نسائی نے اور زیادہ کیا

الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ بِرِوَايَةٍ فَضَالَةَ وَالْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهُ

بیہقی نے بیچ کتاب شعب الایمان کے ساتھ روایت فضالہ کے اور کامل جہاد کرنیوالا وہ ہے جسنے مشقت میں ڈالا

فِي طَاعَةِ اللّٰهِ وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ الْخَطَايَا وَالذُّنُوبَ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ

بیچ بندگی اللہ کے اور اصل ہجرت کرنیوالا وہ ہے جسنے چھوڑ دیے چھوٹے گناہ اور بڑے گناہ اور روایت ہے انس رضی سے کہا

قلما خطبنا رسول الله صلى الله عليه وسلم الا قال لا ايمان لمن لا امانة له ولا

ہم کو خطبہ دیا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مگر کہ فرمایا نہیں پورا ایمان واسکے کہ نہیں امانت دار ہو اسکے اور

دين لمن لا عهد له رواه البيهقي في شعب الايمان الفصل الثالث

پورا دین واسکے کہ نہیں عہد دار ہو اوسکے روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان کے فصل تیسری

عن عبادة ابن الصامت قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من

روایت ہے عبادہ بیٹے صامت کے سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو کوئی

شهد ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله حرم الله عليه النار رواه

گواہی دے یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور یہ کہ محمد صلعم بھیجے ہوئے ہیں اللہ کے ہیں حرام کر دی اللہ نے اوپر اسکے آگ روایت کیا اسکو

مسلم وعن عثمان قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من مات وهو يعلم

مسلم نے اور روایت ہے حضرت عثمان سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کوئی مرے اور وہ یہ جانتا ہو

ان لا اله الا الله دخل الجنة رواه مسلم وعن جابر قال قال رسول

کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ داخل ہوگا بہشت میں روایت کی یہ مسلم نے اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم من مات يشرك بالله شيئا دخل النار ومن مات لا يشرك بالله

خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو چیزیں واجب کرتی ہیں جنت اور نار کو کہا ایک شخص نے اے پیغمبر خدا کے کیا چیزیں واجب کرتی ہیں فرمایا جو کہ مرے شریک کرتا ہو ساتھ اللہ کے کسیکو داخل ہوگا آگ میں اور جو مرے نہ شریک کرتا ہو ساتھ اللہ کے

شيئا دخل الجنة رواه مسلم وعن ابي هريرة قال كنا قعودا حول رسول

کسیکو داخل ہوگا بہشت میں روایت کی مسلم نے اور روایت ہے ابو ہریرہ رضہ سے کہا تھے ہم بیٹھے ہوئے گرد

رسول الله صلى الله عليه وسلم ومعنا ابو بكر وعمر في نفر فقام رسول الله صلى

پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور ساتھ ہمارے تھے ابو بکر رضہ اور عمر رضہ پس جماعت کہ پس کھڑے ہوئے رسول خدا صلے

الله عليه وسلم من بين اظهرنا فابطأ علينا وخشينا ان يقتطع دوننا وفزعنا

اللہ علیہ وآلہ وسلم درمیان ہمارے پس دیر لگائی اوپر ہمارے تک ہم اور ڈرے ہم اس کہ پہنچا جاوے ہیں ایذا اور گھبرا گئے ہم

فقمنا فكنت اول من فزع فخرجت ابتغي رسول الله صلى الله عليه وسلم

پس اٹھے کھڑے ہوئے ہم پس تھا میں پہلا ان لوگوں میں کہ گھبرا گیا پس نکلا میں ڈھونڈتا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو

حَتّٰی اَتَیْتُ حَائِطًا لِلْاَنْصَارِ یَعْنِیْ بُسْتَانًا فَجُلْتُ بِهٖ هَلْ اَجِدُ لَهٗ بَابًا

یہانتک کہ آیا مین باغ پاس انصار بیٹھون بخارکے یعنی باغ پہر پہر آمین گرد اسکے اسواسطے کہ یا وے مین اسکا دروازہ

فَلَمْ اَجِدْ فَاِذَا رَبِیْعٌ یَدْخُلُ فِیْ جَوْفِ حَائِطٍ مِنْ بِئْرٍ خَارِجَةٍ وَالرَّبِیْعُ الْجَدْوَلُ

پس نہ پایا مین نے پس ناگہان ایک نالی داخل ہوتی تہی اندر باغ کے کنوے سے باہر کے اور معنی ربیع کے جدول کے

قَالَ فَاحْتَفَزْتُ فَدَخَلْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَبُوْ هُرَیْرَةَ فَقُلْتُ

کہا ابوہریرہ نے پس سمٹ گیا مین پس داخل ہوا مین پاس رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پس فرمایا حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابوہریرہ سے پس

نَعَمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَا شَاْنُكَ قُلْتُ كُنْتَ بَیْنَ اَظْهُرِنَا فَقُمْتَ فَاَبْطَاْتَ

ہان یارسول اللہ فرمایا کیا ہی حال تیرا کہا سینے تہے آپ درمیان ہمارے پس کہڑے ہوے پس دیر لگائی آپ نے

عَلَیْنَا فَخَشِیْنَا اَنْ تُقْتَطَعَ دُوْنَنَا فَفَزِعْنَا فَكُنْتُ اَوَّلَ مَنْ فَزِعَ فَاَتَیْتُ

اوپر ہمارے پس ڈری ہم یہ کہ ایذا پہونچائے جاوے تم بدون ہمارے پس گہبرائے ہم پس تہا مین اول ان لوگون کا کہ گہبرائے پس

هٰذَا الْحَائِطَ فَاحْتَفَزْتُ كَمَا یَحْتَفِزُ الثَّعْلَبُ وَهٰؤُلَاءِ النَّاسُ وَرَائِیْ فَقَالَ

اس باغ مین پس سمٹ گیا مین جیسے سمٹتی ہی لومڑی اور یہ لوگ آتے ہین پیچھے میرے پس فرمایا

یَا اَبَا هُرَیْرَةَ وَاَعْطَانِیْ نَعْلَیْهِ فَقَالَ اِذْهَبْ بِنَعْلَیَّ هَاتَیْنِ فَمَنْ لَقِیْتَ

اے ابوہریرہ اور دین مجہکو دونو پاپوشین اپنی پس فرمایا لیجا ان دونو پاپوشون میرے کو پہر جو ملے تجہکو پیچھے

مِنْ وَرَاءِ هٰذَا الْحَائِطِ یَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُسْتَیْقِنًا بِهَا قَلْبُهٗ

اس باغ کے گواہی دیتا ہو اسکی کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ یقین رکہتا ہو ساتہہ اسکے دل اسکا

فَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فَكَانَ اَوَّلُ مَنْ لَقِیْتُ عُمَرَ فَقَالَ مَا هَاتَانِ النَّعْلَانِ یَا

پس بشارت دی اسکو بہشت کی پس پہرا اول ان لوگون کا کہ ملاقات کی میںنے عمر سے پس کہا کیسی ہین یہ دونو پاپوشین ہے

اَبَا هُرَیْرَةَ فَقُلْتُ هَاتَانِ نَعْلَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَنِیْ بِهِمَا مَنْ لَقِیْتُ

ابوہریرہ کہا سینے یہ دونو پاپوشین ہین پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بہیجا ہے مجہکو ساتہہ ان دونو کے

یَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُسْتَیْقِنًا بِهَا قَلْبُهٗ بَشَّرْتُهٗ بِالْجَنَّةِ فَضَرَبَ عُمَرُ

گواہی دیتا ہو اسکی کہ نہین کوئی معبود مگر اللہ یقین رکہتا ہو ساتہہ اسکے دل اسکا بشارت دون مین اسکو ساتہہ بہشت کے پس

بَیْنَ ثَدْیَیَّ فَخَرَرْتُ لِاسْتِیْ فَقَالَ ارْجِعْ یَا اَبَا هُرَیْرَةَ فَرَجَعْتُ اِلَی رَسُوْلِ

درمیان چہاتی میرے کے پس گرا مین بل اپنے کہا پہر جا اے ابوہریرہ پس پہرا مین طرف پیغمبر خدا

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاجھشت بالبکاء ورکبنی عمر وإذا ھو علی أثری فقال

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پس آواز بلند کی میں نے ساتھ رونے کے اور غلبہ کر کے چلے آئی مجھ پر عمر پس ناگہاں وہ پیچھے میرے تھے پس فرمایا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مالک یا أبا ھریرۃ قلت لقیت عمر فاخبرتہ بالذی

پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا حال ہے تیرا اے ابوہریرہ کہا میں نے ملا میں عمر سے پس خبر دی میں نے اسکو ساتھ اس چیز کے

بعثتنی بہ فضرب بین ثدیی ضربۃ خررت لاستی فقال ارجع فقال رسول

کہ بھیجا آپ نے مجھکو ساتھ اسکے پس مارا درمیان چھاتی میرے پس گرا میں گر پڑا اپنی پچھاڑی کے بل اور کہا پھر جا فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا عمر ما حملک علی ما فعلت قال یا رسول اللہ بابی انت وامی

خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اے عمر کیا سبب ہوا تجھکو اس پر کہ کیا تو نے کہا یا رسول اللہ قربان ہو باپ میرا اور ماں میری اللہ

أبعثت یا ھریرۃ بنعلیک من لقی یشھد أن لا الہ الا اللہ مستیقنا بھا

کیا بھیجا تھا تجھ کو اے ابوہریرہ کو ساتھ دو جوتوں اپنی کے جو ملے گواہی دیتا ہو ساتھ اس بات کی کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ یقین رکھتا ہو ساتھ

قلبہ بشرہ بالجنۃ قال نعم قال فلا تفعل فإنی أخشی أن یتکل الناس

دل اسکا بشارت دو اسکو ساتھ بہشت کی فرمایا کہ ہاں کہا عمر نے پس نہ کر کیونکہ میں ڈرتا ہوں اس بات سے کہ بھروسا کریں

علیھا فخلھم یعملون فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فخلھم رواہ مسلم

اوپر پس چھوڑ دے انکو کہ عمل کریں پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پس چھوڑ دی انکو روایت کی یہ مسلم نے

وعن معاذ بن جبل قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مفاتیح الجنۃ

اور روایت ہے معاذ بن جبل سے کہا فرمایا واسطے میرے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کنجیاں بہشت کی

شھادۃ أن لا الہ الا اللہ رواہ أحمد وعن عثمان قال إن رجالا من أصحاب

گواہی دینا اسکا ہے کہ نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے روایت کی یہ احمد نے اور روایت ہے عثمان سے کہا تحقیق کتنے مرد یاروں میں سے

النبی صلی اللہ علیہ وسلم حین توفی حزنوا علیہ حتی کاد بعضھم یوسوس

نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کہ وفات ہوئی حضرت کی غمگین ہوئے اوپر حضرت کے یہاں تک کہ قریب تھا کہ بعضے ان میں سے واقع

قال عثمان وکنت منھم فبینا أنا جالس مر علی عمر وسلم فلم أشعر

کہا عثمان نے اور تھا میں ان میں سے اوقت کہ میں بیٹھا ہوا تھا گذرے مجھ پر اور سلام کیا پس خبردار نہ ہوا میں

بہ فاشتکی عمر إلی أبی بکر ثم أقبلا حتی سلما علی جمیعا فقال أبو بکر یا حمل

ساتھ اسکے پس شکایت کی عمر نے طرف ابی بکر کی پھر آئے دونوں یہاں تک کہ سلام کیا اوپر میرے اکٹھے دونوں نے پس کہا ابوبکر نے

عَلَىٰ أَنْ لَا تَرُدَّ عَلَىٰ أَخِيكَ عُمَرَ سَلَامَهُ قُلْتُ مَا فَعَلْتُ فَقَالَ عُمَرُ بَلَىٰ وَاللّٰهِ

اسپر کہ نہ جواب دیا تو نے سلام کا بھائی اپنے عمر پر کہا میں نے کہ نہیں کیا میں نے پس کہا عمر نے ہاں قسم ہے اللہ کی

لَقَدْ فَعَلْتَ قَالَ قُلْتُ وَاللّٰهِ مَا شَعَرْتُ أَنَّكَ مَرَرْتَ وَلَا سَلَّمْتَ قَالَ أَبُوبَكْرٍ

البتہ کیا تو نے کہا عثمان رضؓ نے کہا میں نے قسم ہے اللہ کی نہیں خبر رکھی میں نے کہ گذرے ہو تم مجھ پر اور نہ سلام کیا ہے تم نے کہا ابوبکر رضؓ نے

صَدَقَ عُثْمَانُ قَدْ شَغَلَكَ عَنْ ذٰلِكَ أَمْرٌ فَقُلْتُ أَجَلْ قَالَ مَا هُوَ قُلْتُ

سچ کہا عثمان رضؓ نے تحقیق باز رکھا تجھکو اس سے کسی کام نے پس کہا میں نے ہاں کہا ابوبکر رضؓ نے کیا ہے وہ کہا میں نے

تُوُفِّيَ اللّٰهُ تَعَالَىٰ نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ قَبْلَ أَنْ نَسْأَلَهُ عَنْ نَجَاةِ هٰذَا الْأَمْرِ

وفات کی اللہ تعالیٰ نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پہلے اس سے کہ پوچھیں ہم اسسے نجات اس امر کی سے

قَالَ أَبُوبَكْرٍ فَسَأَلْتُهُ عَنْ ذٰلِكَ فَفَهِمْتُ إِلَيْهِ وَقُلْتُ لَهُ بِأَبِي أَنْتَ وَ

کہا ابوبکر رضؓ نے تحقیق پوچھ لیا میں نے اسکو حضرت سے پس کہڑا ہوا میں طرف ابوبکر کے اور کہا میں نے انکو قربان ہو باپ میرا تم پر اور

أُمِّي أَنْتَ أَحَقُّ بِهَا قَالَ أَبُوبَكْرٍ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا نَجَاةُ هٰذَا الْأَمْرِ

ماں میری تمہاری تم لائق تر ہو ساتھ اسکے کہا ابوبکر رضؓ نے کہا میں نے اے رسول اللہ کے کسطرح ہوگی نجات اس کام سے

فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَبِلَ مِنِّي الْكَلِمَةَ الَّتِي عَرَضْتُ عَلَىٰ عَمِّي فَرَدَّهَا

پس فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو شخص کہ قبول کرے مجھ سے وہ کلمہ کہ پیش کیا تھا میں نے اوپر چچا اپنے کے پھر نہ قبول کیا

فَهِيَ لَهُ نَجَاةٌ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنِ الْمِقْدَادِ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پس وہ کلمہ اسکے لئے نجات ہے اور روایت کی اس کو احمد نے اور روایت ہے مقداد سے یہ کہ سنا رسول کو اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

يَقُولُ لَا يَبْقَىٰ عَلَىٰ ظَهْرِ الْأَرْضِ بَيْتُ مَدَرٍ وَلَا وَبَرٍ إِلَّا أَدْخَلَهُ اللّٰهُ

کہ نہ رہے گا اوپر پیٹھ زمین کے کوئی گھر مٹی کا بنا ہوا ہو یا خیمہ کا مگر داخل کریگا اللہ اس گھر میں

كَلِمَةَ الْإِسْلَامِ بِعِزِّ عَزِيزٍ وَذُلِّ ذَلِيلٍ إِمَّا يُعِزُّهُمُ اللّٰهُ فَيَجْعَلُهُمْ مِنْ

کلمہ اسلام کا ساتھ عزت دینے عزیز کے یا ذلت دینے ذلیل کے یا عزت دیگا انکو اللہ پس کردیگا انکو

أَهْلِهَا أَوْ يُذِلُّهُمْ فَيَدِينُونَ لَهَا قُلْتُ فَيَكُونُ الدِّينُ كُلُّهُ لِلّٰهِ رَوَاهُ

اہل اس کلمہ کا یا ذلیل کریگا انکو پس فرمانبردار ہونگے واسطے اسکے کہا میں نے پس ہوگا دین تمام واسطے خدا کے روایت کی یہ

أَحْمَدُ وَعَنْ وَهْبِ ابْنِ مُنَبِّهٍ قِيلَ لَهُ أَلَيْسَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مِفْتَاحَ

احمد نے اور روایت ہے وہب بن منبہ سے کہ کہا گیا واسطے اسکے کیا نہیں ہے لا الہ الا اللہ

الجنة قال بلى ولكن ليس مفتاح الا وله اسنان فان جئت بمفتاح
بہشت کی کہا ہاں ہے ولیکن نہیں ہوتی کنجی مگر اور واسطے اسکے ہوتے ہیں دندانے پس اگر لاوے تو کنجی کو
له اسنان فرمك والا لم يفتح لك رواه البخاري في ترجمة باب و
کہ واسطے اسکے دندانے ہیں کہو لاجادے گا اسکو تیرے اور اگر نہ لایا نہ کہولا جاوے گا واسطے تیرے روایت کی یہ بخاری نے یہ ترجمہ باب سے اور
عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا احسن احدكم اسلامه
روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسوقت اچھا ہوے کسی سے ایک تمہارا اسلام اپنے کو
فكل حسنة يعملها تكتب له بعشر امثالها الى سبع مائة ضعف و
پس جو نیکی کرے اسکو لکھی جاتی ہے واسطے اسکے دس برابر اسکے ساتھ سو برابر تک اور
كل سيئة يعملها تكتب مثلها حتى يلقى الله متفق عليه وعن
جو برائی کرتا ہے اسکو لکھی جاتی ہے مانند اسکے یہانتک کہ ملاقات کرے اللہ سے متفق علیہ اور روایت ہے
ابي امامة ان رجلا سال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما الايمان قال
ابوامامہ سے کہ تحقیق ایک شخص نے پوچھا حضرت رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا ہے ایمان فرمایا
اذا سرتك حسنتك وساءتك سيئتك فانت مؤمن قال يا رسول
جسوقت کہ خوش کرے تجھکو نیکی تیری اور ناخوش کرے تجھکو برائی تیری پس تو مومن ہے کہا اے رسول خدا
الله فما الاثم قال اذا حاك في نفسك شئ فدعه رواه احمد وعن
کے پس کیا ہے گناہ فرمایا جسوقت کہ تردد کرے تیرے دل تیرے کسی چیز پس چھوڑ دی اسکو روایت کی یہ حدیث احمد نے اور روایت کیا
عمرو بن عبسة قال اتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول
عمرو بن عبسہ سے کہا کہ آیا میں رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پاس پس کہا میں نے یا رسول
الله من معك على هذا الامر قال حر وعبد قلت ما الاسلام قال
خدا کون تیرا ساتھی ہے تمہاری اوپر اس امر دین کے فرمایا ایک آزاد تھا اور ایک غلام تھا کہا میں نے کیا ہے علامت اسلام کی فرمایا
طيب الكلام وطعام الطعام قلت ما الايمان قال الصبر والسماحة
اچھی کلام اور کھانا کھلانے کا کہا میں نے کیا ہے ایمان کی فرمایا کہ صبر کرنا اور سخاوت کرنی
قال قلت اي الاسلام افضل قال من سلم المسلمون من لسانه
کہا کہ کہا میں نے کونسا مسلمان بہتر ہے فرمایا وہ کہ سلامت رہیں مسلمان زبان اسکی سے

وَبِيَدِهٖ قَالَ قُلْتُ اَيُّ الْاِيْمَانِ اَفْضَلُ قَالَ خُلُقٌ حَسَنٌ قَالَ قُلْتُ اَيُّ الصَّلٰوةِ

اور ہاتھ اسکے سے کہا پھر کہا میںنے کونسی بات ہے ایمان میں بہتر فرمایا خلق نیک کہا کہ کہا میںنے کونسی چیز نماز میں

اَفْضَلُ قَالَ طُوْلُ الْقُنُوْتِ قَالَ قُلْتُ اَيُّ الْهِجْرَةِ اَفْضَلُ قَالَ اَنْ تَهْجُرَ مَا كَرِهَ

بہتر ہے فرمایا کھڑا رہنا دیر تک امام کہا کہ کہا میںنے کونسی ہجرت بہتر ہے فرمایا یہ کہ چھوڑ دی تو اسچیز کو کہ ناخوش رکھتا ہے

رَبُّكَ قَالَ فَقُلْتُ فَاَيُّ الْجِهَادِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ عُقِرَ جَوَادُهٗ وَاُهْرِيْقَ دَمُهٗ قَالَ

رب تیرا کہا پھر کہا میںنے پس کونسا ہے جہاد والا بہتر فرمایا وہ شخص کہ اڑا جاوے گھوڑا اسکا اور مارا جاوے وہ خود کہا کہ

قُلْتُ اَيُّ السَّاعَاتِ اَفْضَلُ قَالَ جَوْفُ اللَّيْلِ الْاٰخِرُ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَعَنْ

کہا میںنے کونسی ساعت ساعتوں سے بہتر ہے فرمایا درمیان رات کا اخیر روایت کی یہ احمد نے اور روایت ہے

مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ لَقِيَ اللّٰهَ لَا يُشْرِكُ

معاذ بیٹے جبل کے سے کہا کہ سنا میںنے رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو شخص کہ ملاقات کرے اللہ سے

بِهٖ شَيْئًا وَيُصَلِّي الْخَمْسَ وَيَصُوْمُ رَمَضَانَ غَفَرَ لَهٗ قُلْتُ اَفَلَا اُبَشِّرُهُمْ يَا

ساتھ اسکے کسیکو نماز میں پڑھتا ہو پانچوں اور روزے رکھتا ہو رمضان کے بخشش کیجاویگی واسکو کہا نہیں کیا نہ بشارت دوں میں انکو ای

رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ دَعْهُمْ يَعْمَلُوْا رَوَاهُ اَحْمَدُ وَعَنْهُ اَنَّهٗ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى

رسول خدا کے فرمایا کہ چھوڑ دے انکو کہ عمل کریں روایت کی یہ احمد نے اور روایت ہے معاذ سے کہ پوچھا اسنے نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَفْضَلِ الْاِيْمَانِ قَالَ اَنْ تُحِبَّ لِلّٰهِ وَتُبْغِضَ لِلّٰهِ وَتَعْمَلَ لِسَانَكَ

علیہ وآلہ وسلم سے بہتر ہیں جو خصلتوں ایمان کی ہے فرمایا یہ کہ دوستی رکھی تو واسطے اللہ کے اور دشمنی رکھی تو واسطے اللہ کے اور جاری کرے تو

فِيْ ذِكْرِ اللّٰهِ قَالَ وَمَاذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ وَاَنْ تُحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ

بیچ یاد خدا کے کہا پھر کیا ہے اے رسول خدا کے فرمایا اور یہ کہ دوست رکھے تو واسطے لوگوں کے اسچیز کو کہ دوست رکھتا ہے

لِنَفْسِكَ وَتَكْرَهَ لَهُمْ مَا تَكْرَهُ لِنَفْسِكَ رَوَاهُ اَحْمَدُ

واسطے اپنے اور مکروہ رکھے واسطے انکے اسچیز کو کہ مکروہ رکھتا ہے واسطے اپنے روایت کی یہ احمد نے

بَابُ الْكَبَائِرِ وَعَلَامَاتِ النِّفَاقِ اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

یہ باب ہے بیچ بیان گناہ کبیرہ کے اور نشانیوں نفاق کے فصل پہلی

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الذَّنْبِ

روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہ کہا ایک شخص نے اے رسول خدا کے کونسا گناہ

أَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ قَالَ أَنْ تَدْعُوَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ قَالَ ثُمَّ أَيٌّ قَالَ

بہت بڑا ہے نزدیک اللہ کے فرمایا یہ کہ تیرا دے تو کسیکو واسطے خدا کے شریک اور حالانکہ اسی نے پیدا کیا تجکو کہا اسکے پھر کونسا

أَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ خَشْيَةَ أَنْ يَطْعَمَ مَعَكَ قَالَ ثُمَّ أَيٌّ قَالَ أَنْ تُزَانِيَ

یہ کہ مار ڈالے تو اولاد اپنی کو اس ڈر سے کہ کھاوے ساتھ تیرے کہا پھر کونسا فرمایا یہ کہ زنا کرے تو

حَلِيلَةَ جَارِكَ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى تَصْدِيقَهَا وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ

عورت ہمسایہ کی سے پس نازل کی اللہ تعالیٰ نے مطابق اسکے یہ آیت اور جو لوگ کہ نہیں پکارتے ساتھ

اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُونَ

اللہ کے معبود اور کو اور نہیں مار ڈالتے اس جان کو کہ حرام کیا ہے اللہ نے مگر ساتھ حق کے اور نہیں زنا کرتے

الْآيَةَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ وَقَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

تا آخر آیت متفق علیہ اور روایت ہے عبداللہ بیٹے عمرو کے سے کہا فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَبَائِرُ الْإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ وَعُقُوقُ الْوَالِدَيْنِ وَقَتْلُ النَّفْسِ

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گناہ بڑے یہ ہیں شریک کرنا ساتھ اللہ کے اور نافرمانی کرنی ماں باپ کی اور مار ڈالنا جان کا

وَالْيَمِينُ الْغَمُوسُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَفِي رِوَايَةٍ أَنَسٍ شَهَادَةُ الزُّورِ

اور قسم کھانی جھوٹی روایت کی یہ بخاری نے اور بروایت انس کے جھوٹی گواہی دینی

بَدَلَ الْيَمِينِ الْغَمُوسِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

بدلے جھوٹی قسم کے روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْتَنِبُوا السَّبْعَ الْمُوبِقَاتِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَ

خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بچو تم سات چیزوں ہلاک کرنیوالیوں سے عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ اور

مَا هُنَّ قَالَ الشِّرْكُ بِاللّٰهِ وَالسِّحْرُ وَقَتْلُ النَّفْسِ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ

کیا ہیں وہ فرمایا شرک کرنا ساتھ اللہ کے اور جادو کرنا اور مار ڈالنا اس جان کا کہ حرام کیا اللہ نے مگر ساتھ حق کے

وَأَكْلُ الرِّبَا وَأَكْلُ مَالِ الْيَتِيمِ وَالتَّوَلِّي يَوْمَ الزَّحْفِ وَقَذْفُ الْمُحْصَنَاتِ

اور کھانا بیاج کا اور کھانا مال یتیم کا اور پیٹھ دینا دن لڑائی کے اور تہمت کرنی ساتھ زنا کے عورتوں

الْمُؤْمِنَاتِ الْغَافِلَاتِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

ایمان والیوں بے خبر کو روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ

علیہ وسلم لا یزنی الزانی حین یزنی وھو مؤمن ولا یسرق السارق حین

علیہ وسلم نے نہیں زنا کرتا زنا کرنے والا جسوقت کہ زنا کرتا ہے اور وہ مومن ہو اور نہیں چوری کرتا چور چوری کرنیوالا جسوقت

یسرق وھو مؤمن ولا یشرب الخمر حین یشربھا وھو مؤمن ولا ینتھب

کہ چوری کرتا ہے اور وہ ہو مومن اور نہیں شراب پیتا شراب پینے والا جسوقت کہ پیتا ہے اور وہ ہو مومن اور نہیں لوٹتا

نھبۃ یرفع الناس الیہ فیھا ابصارھم حین ینتھبھا وھو مؤمن و

لوٹ کہ اٹھاویں لوگ طرف اسکی بیچ اس لوٹ کے آنکھیں اپنی اسوقت کہ لوٹتا ہے اور وہ ہو مومن اور

لا یغل احدکم حین یغل وھو مؤمن فایاکم ایاکم متفق علیہ و

نہیں خیانت کرتا ایک تمہارا جسوقت کہ خیانت کرتا ہے اور وہ ہو مومن پس بچو تم بچو تم متفق علیہ اور

فی روایۃ ابن عباس و لا یقتل حین یقتل وھو مؤمن قال عکرمۃ قلت

بیچ روایت ابن عباس کے یہ زیادہ ہے اور نہیں قتل کرتا جسوقت کہ قتل کرتا ہے اور وہ ہو مومن کہا عکرمہ نے کہا میں نے

لابن عباس کیف ینزع الایمان منہ قال ھکذا وشبک بین اصابعہ ثم

واسطے ابن عباس کے کسطرح نکالا جاتا ہے ایمان اس سے کہا انہوں نے اسطرح سے اور پھیر دیا درمیان انگلیوں اپنی کے پھر

اخرجھا قال فان تاب عاد الیہ ھکذا وشبک بین اصابعہ و قال ابو

نکالا انکو فرمایا کہ اگر توبہ کرتا ہے عود کرتا ہے طرف اسکی اسطرح سے اور پھر پھیر دیا درمیان انگلیوں اپنی کے اور کہا ابو

عبد اللہ لا یکون ھذا مؤمنا تاما ولا یکون لہ نور الایمان ھذا لفظ

عبد اللہ نے نہیں ہوتا یہ شخص مومن پورا اور نہیں ہوتا واسطے اوسکے نور ایمان کا یہ ہیں لفظ

البخاری و عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایۃ المنافق ثلث

بخاری کے اور روایت ہے ابو ہریرہ رض سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نشانی منافق کی

ثلث زاد مسلم وان صام وصلی وزعم انہ مسلم ثم اتفقا اذا حدث

تین ہیں زیادہ کیا مسلم نے اگرچہ روزہ رکھے اور نماز پڑھے اور دعوی کرے اسکا کہ مسلمان ہوں پھر متفق ہوئے دونو

کذب واذا وعد اخلف واذا ائتمن خان و عن عبد اللہ بن عمرو قال

جھوٹ بولے اور جب وعدہ کرے خلاف کرے اور جب امانت سونپی جاوے خیانت کرے اور روایت ہے عبد اللہ بیٹے عمرو کے کہ کہا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اربع من کن فیہ کان منافقا خالصا

فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چار باتیں ہیں جس شخص میں ہوویں وہ ہے منافق پورا

ف ۱ یعنی زنا کے وقت
ف ۲ پورا مومن نہیں رہتا یعنی مومن
ف ۳ یعنی ہے کہ ایسا کام جائز نہیں مومن
ف ۴ یعنی اسکو حلال نہ جانے
ف ۵ یعنی اور نفع نہیں
ف ۶ یعنی ہے
ف ۷ یعنی ہے
ف ۸ یعنی ہے
ف ۹ یعنی ہے
ف ۱۰ یعنی ہے
ف ۱۱ یعنی ہے
ف ۱۲ یعنی ہے
ف ۱۳ یعنی ہے
ف ۱۴ یعنی ہے
ف ۱۵ یعنی ہے
ف ۱۶ یعنی ہے
ف ۱۷ یعنی ہے
ف ۱۸ یعنی ہے
ف ۱۹ یعنی ہے
ف ۲۰ یعنی ہے
ف ۲۱ یعنی ہے
ف ۲۲ یعنی ہے
ف ۲۳ یعنی ہے
ف ۲۴ یعنی ہے
ف ۲۵ یعنی ہے
ف ۲۶ یعنی ہے
ف ۲۷ یعنی ہے
ف ۲۸ یعنی ہے
ف ۲۹ یعنی ہے
ف ۳۰ یعنی ہے
ف ۳۱ یعنی ہے
ف ۳۲ یعنی ہے
ف ۳۳ یعنی ہے
ف ۳۴ یعنی ہے
ف ۳۵ یعنی ہے
ف ۳۶ یعنی ہے
ف ۳۷ یعنی ہے
ف ۳۸ یعنی ہے
ف ۳۹ یعنی ہے
ف ۴۰ یعنی ہے
ف ۴۱ یعنی ہے
ف ۴۲ یعنی ہے
ف ۴۳ یعنی ہے
ف ۴۴ یعنی ہے
ف ۴۵ یعنی ہے
ف ۴۶ یعنی ہے
ف ۴۷ یعنی ہے
ف ۴۸ یعنی ہے
ف ۴۹ یعنی ہے
ف ۵۰ یعنی ہے
ف ۵۱ یعنی ہے
ف ۵۲ یعنی ہے
ف ۵۳ یعنی ہے
ف ۵۴ یعنی ہے
ف ۵۵ یعنی ہے
ف ۵۶ یعنی ہے
ف ۵۷ یعنی ہے
ف ۵۸ یعنی ہے

وَمَنْ كَانَتْ فِيهِ خَصْلَةٌ مِّنْهُنَّ كَانَتْ فِيهِ خَصْلَةٌ مِّنَ النِّفَاقِ حَتّٰى

اور وہ شخص کہ ہووے بیچ اسکے ایک خصلت انمیں سے ہوگی بیچ اسکے ایک خصلت نفاق سے یہانتک

يَدَعَهَا إِذَا ائْتُمِنَ خَانَ وَإِذَا حَدَّثَ كَذَبَ وَإِذَا عَاهَدَ غَدَرَ وَإِذَا

کہ چھوڑے اسکو جبکہ امانت سونپی جاوے خیانت کرے اور جب بات کرے جھوٹ بولے اور جب عہد کرے توڑ دے اور جب

خَاصَمَ فَجَرَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

جھگڑے بد کہے روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُنَافِقِ كَالشَّاةِ الْعَائِرَةِ بَيْنَ الْغَنَمَيْنِ تَعِيرُ إِلٰى هٰذِهِ مَرَّةً

وآلہ وسلم نے مثال منافق کی مانند بکری کے ہے پھرتی ہے درمیان دو ریوڑوں کے میل کرتی طرف اسکی ایک بار

وَإِلٰى هٰذِهِ مَرَّةً رَوَاهُ مُسْلِمٌ الْفَصْلُ الثَّانِي عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ

اور طرف اسکی ایک بار روایت کی یہ مسلم نے فصل دوسری روایت ہے صفوان بیٹی عسال کا

قَالَ قَالَ يَهُودِيٌّ لِصَاحِبِهِ اذْهَبْ بِنَا إِلٰى هٰذَا النَّبِيِّ فَقَالَ لَهُ صَاحِبُهُ

کہا کہ کہا ایک یہودی نے واسطے یار اپنے کے چل ساتھ ہمارے طرف اس نبی کی پس کہا واسطے اسکے یار اسکے نے

لَا تَقُلْ نَبِيٌّ إِنَّهُ لَوْ سَمِعَكَ لَكَانَ لَهُ أَرْبَعُ أَعْيُنٍ فَأَتَيَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

کہہ تو نبی تحقیق اگر سنے گا کہنا تیرا البتہ ہوگی واسطے اسکے چار آنکھیں پس آئے دونو پیغمبر خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَاهُ عَنْ تِسْعِ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

علیہ وآلہ وسلم کے پاس پس پوچھے حضرت سے نو احکام ظاہر پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

لَا تُشْرِكُوا بِاللّٰهِ شَيْئًا وَلَا تَسْرِقُوا وَلَا تَزْنُوا وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي

نہ شریک کرو ساتھ اللہ کے کسیکو اور نہ چوری کرو اور نہ زنا کرو اور نہ مارو اس جان کو کہ

حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا تَمْشُوا بِبَرِيءٍ إِلٰى ذِي سُلْطَانٍ لِيَقْتُلَهُ وَلَا

حرام کیا ہے اللہ نے مگر ساتھ حق کے اور نہ لیجاؤ پاک شخص کو طرف حاکم کے تاکہ مارے اسکو اور نہ

تَسْحَرُوا وَلَا تَأْكُلُوا الرِّبٰوا وَلَا تَقْذِفُوا مُحْصَنَةً وَلَا تُوَلُّوا الْفِرَارَ يَوْمَ

جادو کرو اور نہ کھاؤ بیاج اور نہ تہمت کرو عورت پاکدامن کو اور نہ پیٹھ دو واسطے بھاگنے کے دن

الزَّحْفِ وَعَلَيْكُمْ خَاصَّةً الْيَهُودَ أَنْ لَا تَعْتَدُوا فِي السَّبْتِ قَالَ فَقَبَّلَا

لڑائی کے اور اوپر تمہارے خاص اے یہود واجب ہے یہ کہ نہ زیادتی کرو نہ بیچ ہفتہ کے کہا راوی نے پھر چوم

ف۱ قریش کہتی ہے مرتی ۱۲

ف۲ ایسا ہی قال ہے منافقوں کا کبھی اور وہ مسلمانوں میں آتے ہیں کبھی کافروں میں ۱۲

ف۳ یہ نہایت خوش ہوئیں کہ اگر کوئی فرمائے یا نو نجزہ حضرت موسیٰ سے کہ کلام ہو میں ہو کر میں نشانہ اور یہ بھی اور طوفان اور ٹڈی اور جوں اور مینڈک اور خون اور نکلنا ہاتھ کا بیضا

ف۴ علماء اسلام

باب الکبائر

ف۵ یہ حکم کہ کافر کے ساتھ مسلمان نہ رہے

ف۶ جب اسکا حکم فرمایا ہے اور جو حکم فرمایا ہے ضرور ہے بجا لانا اسکے

ف۷ جب اوسکا بجا لانا ہوا راوی نے حکم نہ فرمایا وہ تین

ف۸ یہ نہ کرے

ف۹ یہ نہ کرے

ف۱۰ یہ نہ کرے

ف۱۱ یہ نہ کرے

ف۱۲ یہ نہ کرے

ف۱۳ یہ نہ کرے

ف۱۴ یہ نہ کرے

ف۱۵ یہ نہ کرے

ف۱۶ یہ نہ کرے

ف۱۷ یہ نہ کرے

يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ فَقَالَا نَشْهَدُ أَنَّكَ نَبِيٌّ قَالَ فَمَا يَمْنَعُكُمْ أَنْ تَتَّبِعُونِي قَالَا

ہاتھ اور پاؤں یہودیوں نے اور کہا ہم گواہی دیتے ہیں ہم تحقیق تم نبی ہو فرمایا کیا چیز منع کرتی ہے تمکو پیروی میری سو کہا ان دونوں نے

إِنَّ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ دَعَا رَبَّهُ أَنْ لَا يَزَالَ مِنْ ذُرِّيَّتِهِ نَبِيٌّ وَإِنَّا نَخَافُ

تحقیق داؤد علیہ السلام نے دعا کی ہے اپنے رب سے کہ ہمیشہ رہے اولاد انکی میں سے نبی اور تحقیق ہم ڈرتے ہیں

إِنْ تَبِعْنَاكَ أَنْ تَقْتُلَنَا الْيَهُودُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ

اگر پیروی کریں تمہاری یہ کہ مار ڈالیں ہمکو یہود روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی نے

وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ ثَلَاثٌ مِنْ أُصُولِ الْإِيمَانِ

اور روایت ہے انس رضہ سے کہا کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین چیزیں ہیں جڑ ایمان کی

الْكَفُّ عَمَّنْ قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ لَا نُكَفِّرُهُ بِذَنْبٍ وَلَا نُخْرِجُهُ مِنَ الْإِسْلَامِ بِعَمَلٍ

بند رہنا اس شخص سے کہ کہا اوسنے لا الہ الا اللہ نہ کافر کہیں ہمکو بسبب گناہ کے اور نہ نکالیں تو اسکو اسلام سے بسبب کسی کام کے

وَالْجِهَادُ مَاضٍ مُنْذُ بَعَثَنِيَ اللَّهُ إِلَى أَنْ يُقَاتِلَ آخِرُ هَذِهِ الْأُمَّةِ الدَّجَّالَ لَا

اور جہاد جاری رہنے والا ہے جب سے بھیجا ہے مجھکو اللہ نے یہانتک کہ قتل کرے آخر اس امت کے دجال کو نہ

يُبْطِلُهُ جَوْرُ جَائِرٍ وَلَا عَدْلُ عَادِلٍ وَالْإِيمَانُ بِالْأَقْدَارِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

موقوف کرے اسکو ظلم ظالم کا اور نہ عدل عادل کا اور ایمان لانا ساتھ تقدیر کے روایت کی یہ ابوداؤد نے

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ إِذَا زَنَى الْعَبْدُ

اور روایت ہے ابوہریرہ رضہ سے کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جسوقت کہ زنا کرتا ہے بندہ

خَرَجَ مِنْهُ الْإِيمَانُ فَكَانَ فَوْقَ رَأْسِهِ كَالظُّلَّةِ فَإِذَا خَرَجَ مِنْ ذَلِكَ

نکل جاتا ہے اس سے ایمان پس ہوتا ہے اوپر سر اسکے کے مانند سائبان کے پس جبکہ خارج ہوتا ہے اس

الْعَمَلِ رَجَعَ إِلَيْهِ الْإِيمَانُ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ الْفَصْلُ

عمل سے پھر آتا ہے طرف اسکے ایمان روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے فصل

الثَّالِثُ عَنْ مُعَاذٍ قَالَ أَوْصَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ بِعَشْرِ كَلِمَاتٍ قَالَ

تیسری روایت ہے معاذ سے کہ کہا وصیت کی مجکو پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ساتھ دس باتوں کے

لَا تُشْرِكْ بِاللَّهِ شَيْئًا وَإِنْ قُتِلْتَ وَحُرِّقْتَ وَلَا تَعُقَّنَّ وَالِدَيْكَ

نہ شریک کرو ساتھ اللہ کے کسیکو اور اگرچہ مارا جاوے تو اور جلایا جاوے تو اور نہ نافرمانی کرو باپ اپنے کی

وَإِنْ أَمَرَكَ أَنْ تَخْرُجَ مِنْ أَهْلِكَ وَمَالِكَ وَلَا تَتْرُكَنَّ صَلٰوةً مَكْتُوبَةً

اگرچہ حکم کرین تجھکو کہ الگ ہو تو اہل اپنے سے اور مال اپنے سے اور نہ چھوڑ تو نماز فرض کو

مُتَعَمِّدًا فَإِنَّ مَنْ تَرَكَ صَلٰوةً مَكْتُوبَةً مُتَعَمِّدًا فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ ذِمَّةُ

جانکر پس تحقیق جسنے چھوڑی نماز فرض جانکر پس تحقیق الگ ہوا اس سے ذمہ

اللّٰهِ وَلَا تَشْرَبَنَّ خَمْرًا فَإِنَّهُ رَأْسُ كُلِّ فَاحِشَةٍ وَإِيَّاكَ وَالْمَعْصِيَةَ فَإِنَّ

خدا کا اور نہ پی تو شراب پس تحقیق یہ سر ہے تمام برائی کا اور بچ تو گناہ سے پس تحقیق

بِالْمَعْصِيَةِ حَلَّ سَخَطُ اللّٰهِ وَإِيَّاكَ وَالْفِرَارَ مِنَ الزَّحْفِ وَإِنْ هَلَكَ النَّاسُ

ساتھ گناہ کے اترتا ہے غضب اللہ کا اور بچ تو بھاگنے لڑائی کفار کی سے اور اگرچہ مرتے ہون لوگ

وَإِذَا أَصَابَ النَّاسَ مَوْتٌ وَأَنْتَ فِيهِمْ فَاثْبُتْ وَأَنْفِقْ عَلٰى عِيَالِكَ

اور جسوقت کہ پہونچے آدمیونکو موت اور ہو تو بیچ انکے پس ٹھیرہ اور خرچ کر اوپر کنبے اپنے کے

مِنْ طَوْلِكَ وَلَا تَرْفَعْ عَنْهُمْ عَصَاكَ أَدَبًا وَأَخِفْهُمْ فِي اللّٰهِ رَوَاهُ أَحْمَدُ

مال سے موافق مقدور اپنے کے اور مت اٹھا رکھہ انسے لاٹھی اپنے ادب کی اور ڈرا انکو بیچ مقدمہ اللہ کے روایت کی

وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ إِنَّمَا النِّفَاقُ كَانَ عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ

اور روایت ہے حذیفہ سے کہ کہا نہیں ہے نفاق مگر بیچ زمانہ پیغمبر خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَّا الْيَوْمَ فَإِنَّمَا هُوَ الْكُفْرُ أَوِ الْإِيمَانُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پس آجکے دن نہیں وہ مگر کفر یا ایمان روایت کی یہ بخاری نے

بَابُ الْوَسْوَسَةِ

باب بیچ وسوسہ کے

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

فصل پہلی

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ عَنْ

روایت ہے ابوہریرہ رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تحقیق اللہ نے معاف کی

أُمَّتِي مَا وَسْوَسَتْ بِهِ صُدُورُهَا مَا لَمْ تَعْمَلْ بِهِ أَوْ تَتَكَلَّمْ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

امت میری سے وہ چیز کہ بطریق وسوسہ کے آتی ہے دلمین انکو جبتک کہ نہ عمل کرین ساتھ اسکے یا نہ بولین متفق علیہ

وَعَنْهُ قَالَ جَاءَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى النَّبِيِّ

اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ آئے کئی آدمی اصحاب رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طرف نبی

صلی اللہ علیہ وسلم فسألوہ إنا نجد في أنفسنا ما يتعاظم أحدنا أن يتكلم
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پس پوچھا حضرت سے تحقیق ہم پاتے ہیں بیچ دلوں اپنے کے وہ چیز کہ بڑا جانتا ہے ایک ہمارا یہ کہ زبان پر لاوے

به قال وقد وجدتموه قالوا نعم قال ذاك صريح الإيمان رواه
اسکو فرمایا آیا تحقیق پایا تم نے اسکو کہا انہوں نے کہ ہاں فرمایا کہ یہ ظاہر ایمان ہے روایت کی یہ

مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يأتي الشيطان أحدكم
مسلم نے اور روایت ہے ابو ہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آتا ہے شیطان ایک تمہارے پاس

فيقول من خلق كذا من خلق كذا حتى يقول من خلق ربك فإذا بلغه
پس کہتا ہے کس نے پیدا کیا ہے یہ کس نے پیدا کیا ہے یہاں تک کہ کہتا ہے کس نے پیدا کیا ہے رب تیرے کو پس جب کہ پہنچے اسکو

فليستعذ بالله ولينته متفق عليه وعنه قال قال رسول الله
پس چاہیے کہ پناہ پکڑے ساتھ اللہ کے اور باز رہے متفق علیہ اور روایت ہے ابو ہریرہؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم لا يزال الناس يتساءلون حتى يقال هذا خلق الله
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیشہ رہیں گے لوگ پوچھا پاچھی کرتے یہاں تک کہ کہا جاوے گا یہ پیدا کی اللہ نے

الخلق فمن خلق الله فمن وجد من ذلك شيئا فليقل آمنت بالله ورسله
مخلوقات پس کس نے پیدا کیا اللہ کو پس جو شخص کہ پاوے اس میں سے کچھ پس چاہیے کہ کہے ایمان لایا میں ساتھ اللہ کے

متفق عليه وعن ابن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما
متفق علیہ اور روایت کی بخاری اور مسلم اور روایت ابن مسعودؓ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

منكم من أحد إلا وقد وكل به قرينه من الجن وقرينه من الملائكة
تم میں سے کوئی مگر کہ معین کیا گیا ہے ساتھ اسکے ہمنشین اسکا جنوں سے اور ہمنشین اسکا فرشتوں سے

قالوا وإياك يا رسول الله قال وإياي ولكن الله أعانني عليه فأسلم
عرض کیا صحابہ نے اور آپکے لیے بھی یا رسول اللہ فرمایا کہ ہاں میرے لیے بھی لیکن اللہ نے مدد کی مجھکو اوپر اوسکے پس سلامت

فلا يأمرني إلا بخير رواه مسلم وعن أنس قال قال رسول الله
پس نہیں حکم کرتا مجھکو مگر ساتھ بھلائی کی روایت کی یہ مسلم نے اور روایت ہے انس سے کہا کہ فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم إن الشيطان يجري من ابن آدم مجرى الدم متفق عليه
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تحقیق شیطان جاری ہوتا ہے آدمی سے جگہہ جاری ہونے خون کے متفق علیہ

وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ بَنِیْ اٰدَمَ مَوْلُوْدٌ

اور روایت ہے ابوہریرہ رضہ سے کہ کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں کوئی بیٹا آدم کا پیدا کیا گیا

اِلَّا یَمَسُّهُ الشَّیْطٰنُ حِیْنَ یُوْلَدُ فَیَسْتَهِلُّ صَارِخًا مِّنْ مَّسِّ الشَّیْطٰنِ

مگر چھوتا ہے اسکو شیطان جسوقت پیدا کیا جاتا ہے پس آواز کرتا ہے بلند سبب اس کے چھونے شیطان کے

غَیْرَ مَرْیَمَ وَابْنِهَا مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

سوا مریم کے اور بیٹے اسکے کے متفق علیہ اور روایت ہے ابوہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صِیَاحُ الْمَوْلُوْدِ حِیْنَ یَقَعُ نَزْغَةٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ

علیہ وآلہ وسلم نے چلانا لڑکے کا وقت پیدا ہونے اسکے کے سبب چوکنے شیطان کے ہے متفق علیہ

وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اِبْلِیْسَ یَضَعُ

اور روایت ہے جابر رضہ سے کہ کہا فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تحقیق شیطان رکھتا ہے

عَرْشَهٗ عَلَی الْمَآءِ ثُمَّ یَبْعَثُ سَرَایَاهُ یَفْتِنُوْنَ النَّاسَ فَاَدْنَاهُمْ مِّنْهُ

تخت اپنا پانی پر پھر بھیجتا ہے فوجیں اپنی کہ گمراہ کریں آدمیوں کو پس بہت نزدیک اس لشکر کا

مَنْزِلَةً اَعْظَمُهُمْ فِتْنَةً یَجِیْءُ اَحَدُهُمْ فَیَقُوْلُ فَعَلْتُ کَذَا وَکَذَا

باعتبار مرتبہ کے وہ ہے جو بڑا انکا ہو گمراہ کرنے میں آتا ہے ایک انکا پس کہتا ہے کیا میں نے ایسا اور ایسا

فَیَقُوْلُ مَا صَنَعْتَ شَیْئًا قَالَ ثُمَّ یَجِیْءُ اَحَدُهُمْ فَیَقُوْلُ مَا تَرَکْتُهٗ حَتّٰی

پھر کہتا ہے ابلیس نہ کیا تو نے کچھ فرمایا حضرت نے پھر آتا ہے ایک انکا پس کہتا ہے نہیں چھوڑا میں نے اسکو

فَرَّقْتُ بَیْنَهٗ وَبَیْنَ امْرَاَتِهٖ قَالَ فَیُدْنِیْهِ مِنْهُ وَیَقُوْلُ نِعْمَ اَنْتَ قَالَ

کہ جدائی ڈلوادی درمیان اسکے اور درمیان جورو اسکی کے فرمایا حضرت نے پس نزدیک کرتا ہے اسکو اپنے سے پھر کہتا ہے اچھا ہے تو کہا

الْاَعْمَشُ اُرَاهُ قَالَ فَیَلْتَزِمُهٗ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ

اعمش نے گمان کرتا ہوں میں جابر کو کہ کہا پس لگتا ہے اسکو روایت کی مسلم نے اور روایت ہے جابر رضہ سے کہا فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّیْطٰنَ قَدْ اَیِسَ مِنْ اَنْ یَّعْبُدَهُ

رسولخدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تحقیق شیطان ناامید ہوا اس سے کہ پوجیں اسکو

الْمُصَلُّوْنَ فِیْ جَزِیْرَةِ الْعَرَبِ وَلٰکِنْ فِی التَّحْرِیْشِ بَیْنَهُمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

نمازی نیچ جزیرہ عرب کے ولیکن نیچ ورغلانے کے ہے درمیان انکے روایت کی ہے مسلم نے

۱۲ منہ

۱۲ منہ

۱۲ منہ

۱۲ منہ

۱۲ منہ

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَآءَہٗ رَجُلٌ فَقَالَ

فصل دوسری روایت ہے بیٹے عباس کے سو تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم آیا اسکے پاس ایک شخص پس کہا

اِنِّیْ اَحْدَثْتُ نَفْسِیْ بِالشَّیْءِ لَاَنْ اَکُوْنَ حُمَمَۃً اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ اَتَکَلَّمَ بِہٖ

تحقیق میں پایا ہوں دل اپنے میں ایک چیز البتہ یہ کہ ہو جاؤں میں کوئلا بہت بہتر ہے طرف میری اس سے کہ بولوں میں ساتھ

قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ رَدَّ اَمْرَہٗ اِلَی الْوَسْوَسَۃِ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنِ ابْنِ

فرمایا حمد ہے واسطے اللہ کے کہ وہ اللہ کہ پھیر دیا امر اسکے کو طرف وسوسہ کے روایت کی یہ ابوداؤد نے اور روایت ہے ابن

مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلشَّیْطٰنِ لَمَّۃً بِابْنِ اٰدَمَ

مسعود سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تحقیق واسطے شیطان کے تصرف ہے ساتھ بیٹے آدم کے

وَلِلْمَلَکِ لَمَّۃٌ فَاَمَّا لَمَّۃُ الشَّیْطٰنِ فَاِیْعَادٌ بِالشَّرِّ وَتَکْذِیْبٌ بِالْحَقِّ وَاَمَّا

اور واسطے فرشتہ کے تصرف ہے پس اپر تصرف شیطان کی پس وعدہ دینا ہے ساتھ برائی کے اور جھٹلانا ہے ساتھ حق کے اور اپر

لَمَّۃُ الْمَلَکِ فَاِیْعَادٌ بِالْخَیْرِ وَتَصْدِیْقٌ بِالْحَقِّ فَمَنْ وَّجَدَ ذٰلِکَ فَلْیَعْلَمْ

تصرف فرشتہ کا پس وعدہ دینا ہے ساتھ نیکی کے اور تصدیق کرنا ساتھ حق کے پس جو کوئی پاوے اسکو پس جانے کہ

اَنَّہٗ مِنَ اللّٰہِ فَلْیَحْمَدِ اللّٰہَ وَمَنْ وَّجَدَ الْاُخْرٰی فَلْیَتَعَوَّذْ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ

تحقیق یہ طرف سے اللہ کے ہے پس چاہیے کہ حمد کرے اللہ کو اور جو شخص کہ پاوے دوسرا پس پناہ پکڑے ساتھ اللہ شیطان سے

ثُمَّ قَرَاَ الشَّیْطٰنُ یَعِدُکُمُ الْفَقْرَ وَیَاْمُرُکُمْ بِالْفَحْشَآءِ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ

پھر پڑھی یہ آیت شیطان وعدہ دیتا ہے تمکو فقر کا اور حکم کرتا ہے تمکو ساتھ گناہوں کے روایت کی یہ ترمذی نے

وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے ابوہریرہ رضہ سے کہ نقل کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

قَالَ لَا یَزَالُ النَّاسُ یَتَسَآءَلُوْنَ حَتّٰی یُقَالَ ھٰذَا خَلَقَ اللّٰہُ الْخَلْقَ فَمَنْ

کہ فرمایا ہمیشہ رہینگے لوگ پوچھا پاچھی کرتے یہانتک کہ کہا جاویگا یہ پیدا کی ہے اللہ نے مخلوق پس کسنے

خَلَقَ اللّٰہَ فَاِذَا قَالُوْا ذٰلِکَ فَقُوْلُوا اللّٰہُ اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ

پیدا کیا اللہ کو پس جسوقت کہیں یہ پس کہو اللہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے نہ جنا اور نہ

یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ثُمَّ لِیَتْفُلْ عَنْ یَّسَارِہٖ ثَلٰثًا وَّلْیَسْتَعِذْ بِاللّٰہِ

جنایا گیا اور نہیں واسطے اسکے برابر کوئی پھر تف کرے بائیں طرف تین بار اور پناہ پکڑے ساتھ اللہ کے

مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ عُمَرَ وَبْنِ

شیطان راندہ گئے سے روایت کی یہ ابوداؤد نے اور البتہ ذکر کرینگے ہم حدیث عمرو بن

اَلْاَحْوَصِ فِيْ بَابِ خُطْبَةِ يَوْمِ النَّحْرِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

الاحوص کی ہے باب خطبہ یوم النحر کے اگر چاہا اللہ تعالے نے فصل تیسری

عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ لَنْ يَبْرَحَ النَّاسُ يَتَسَاءَلُوْنَ

روایت ہے انس سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیشہ رہینگے لوگ پوچھا پاچھی کرتے

حَتّٰى يَقُوْلُوْا هٰذَا اللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَمَنْ خَلَقَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ رَوَاهُ

یہانتلک کہ کہیں گے یہ اللہ نے پیدا کیا ہر چیز پس کسنے پیدا کیا اللہ کو کہ عزت والا ہے اور بزرگوار ہے اسکی

اَلْبُخَارِيُّ وَلِمُسْلِمٍ قَالَ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِنَّ اُمَّتَكَ لَا يَزَالُوْنَ يَقُوْلُوْنَ

بخاری نے اور ہے روایت مسلم کے کہ فرمایا اللہ عزوجل نے تحقیق امت تیری ہمیشہ کہتے رہینگے

مَا كَذَا مَا كَذَا حَتّٰى يَقُوْلُوْا هٰذَا اللّٰهُ خَلَقَ الْخَلْقَ فَمَنْ خَلَقَ اللّٰهَ عَزَّ

کیا ہے یہ کیا ہے یہانتلک کہیں گے یہ اللہ نے پیدا کی مخلوقات پس کسنے پیدا کیا ہے اللہ عزت والا

وَجَلَّ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الشَّيْطٰنَ

بزرگی والا کو اور روایت ہے عثمان بن ابی العاص سے کہ کہا کہا میںنے یارسول اللہ تحقیق شیطان

قَدْ حَالَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ صَلٰوتِيْ وَبَيْنَ قِرَاءَتِيْ يَلْبِسُهَا عَلَيَّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

اوٹ ہوتا ہے درمیان میرے اور درمیان نماز میری کے اور درمیان پڑھنے میرے کیے شبہ ڈالتا ہے اسمیں مجھپر پس فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاكَ شَيْطَانٌ يُقَالُ لَهٗ خِنْزَبٌ فَاِذَا اَحْسَسْتَهٗ فَتَعَوَّذْ

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ شیطان ہے کہا جاتا ہے اسکو خنزب پس جبوقت معلوم کرے تو اسکو پس پناہ پکڑ

بِاللّٰهِ مِنْهُ وَاتْفُلْ عَلٰى يَسَارِكَ ثَلٰثًا فَفَعَلْتُ ذٰلِكَ فَاَذْهَبَهُ اللّٰهُ عَنِّيْ رَوَاهُ

ساتھ اللہ کے اس سے اور تھوک بائیں طرف تین بار پس کیا میںنے یہ پس دور کیا اسکو اللہ تعالے نے مجھسے رواہ

مُسْلِمٌ وَعَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَهٗ فَقَالَ اِنِّيْ اَهِمُّ فِيْ صَلٰوتِيْ

مسلم نے اور روایت ہے قاسم بیٹے محمد کے سے یہ کہ ایک شخص نے پوچھا اسسے پس کہا تحقیق میں وہم کرتا ہوں میں اپنی

فَيُكْثَرُ ذٰلِكَ عَلَيَّ فَقَالَ لَهٗ اُمْضِ فِيْ صَلٰوتِكَ فَاِنَّهٗ لَنْ يَّذْهَبَ ذٰلِكَ

پس گران ہوتا ہے یہ مجھپر پس کہا واسطے اسکے گذرا چلا جا بیچ نماز اپنی کے پس تحقیق شان ہے کہ ہرگز نہ جاویگا یہ

عنك حتى تصرف وانت تقول ما انصت صلوتي رواه مالك

تجھسے یہانتک کہ پھرے تو نماز اپنی سے اور تو کہتا ہو کہ نہیں پوری کی میںنے نماز اپنی روایت کی یہ مالک نے

باب الایمان بالقدر والفصل الاول

یہ باب ہے بیچ بیان لانے کے ساتھہ تقدیر کے فصل پہلی

عن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كتب الله

روایت ہے عبداللہ بیٹے عمر کے سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ لکھدیں اللہ نے

مقادير الخلائق قبل ان يخلق السموات والارض بخمسين الف سنة

تقدیریں مخلوقات کی پہلے پیدا کرنے آسمانوں اور زمین کے پچاس ہزار برس

قال وكان عرشه على الماء رواه مسلم وعن ابن عمر قال قال

فرمایا اور تھا عرش اسکا اوپر پانی کے روایت کی یہ مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا فرمایا

رسول الله صلى الله عليه وسلم كل شيء بقدر حتى العجز والكيس رواه

رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہر چیز ساتھہ تقدیر کے ہے یہانتک کہ نادانی اور دانائی روایت کی یہ

مسلم وعن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم احتج آدم

مسلم نے اور روایت ہے ابو ہریرہ رضہ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جھگڑے آدم

وموسى عند ربهما فحج آدم موسى قال موسى انت آدم الذي خلقك

اور موسے نزدیک پروردگار اپنے کے پھر غالب آیا آدم موسے پر کہا موسے نے تم آدم ہو کہ پیدا کیا تم کو

الله بيده ونفخ فيك من روحه واسجد لك ملائكته واسكنك

اللہ تعالے نے اپنی ہاتھہ سے اور پھونکی تمہارے بیچ روح اپنی اور سجدہ کروایا واسطے تمہارے فرشتون اپنے سے اور رکھا تمکو

في جنته ثم اهبطت الناس بخطيئتك الى الارض قال ادم

بیچ جنت اپنے کے پھر اتارا تم نے آدمیون کو ساتھہ گناہ اپنے کے طرف زمین کی کہا آدم نے

انت موسى الذي اصطفاك الله برسالته وبكلامه واعطاك

تم وہ موسے ہو کہ برگزیدہ کیا تمکو اللہ نے ساتھہ پیغمبری اپنی کے اور ساتھہ کلام اپنی کے اور دیں تمکو

الالواح فيها تبيان كل شيء وقربك نجيا فبكم وجدت الله

تختیان کہ بیچ انکے بیان ہے ہر چیز کا اور نزدیک کیا تمکو سرگوشی کرنے کر پس ساتھہ کتنی مدت کو پایا تم نے

كَتَبَ التَّوْرٰىةَ قَبْلَ اَنْ اُخْلَقَ قَالَ مُوْسٰى بِاَرْبَعِيْنَ عَامًا قَالَ اٰدَمُ فَهَلْ وَجَدْتَ

لکھی توریت پہلے پیدا ہونے میرے کے کہا موسے نے چالیس برس پہلے کہا آدم نے پس کیا پایا تو نے

فِيْهَا وَعَصٰى اٰدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰى قَالَ نَعَمْ قَالَ اَفَتَلُوْمُنِيْ عَلٰى اَنْ عَمِلْتُ عَمَلًا كَتَبَ

جس میں کہ نافرمانی کی آدم نے رب اپنے کی پس بہکا کہا کہا ان کہا آدم نے کیا پھر ملامت کرتے ہو مجھکو اسپر کہ کرلی میں نے عمل کہ لکھا ہے

اللّٰهُ عَلَيَّ اَنْ اَعْمَلَهٗ قَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَنِيْ بِاَرْبَعِيْنَ سَنَةً قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

اللہ مجھ نے مجھپر کہ کرنا اسکا پہلے پیدا کرنے میرے کے چالیس برس فرمایا پیغمبر خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَجَّ اٰدَمُ مُوْسٰى رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ

صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پس غالب ہے آدم موسے پر روایت کی مسلم نے اور روایت ہے ابن مسعود رض سے کہا

حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ اِنَّ

حدیث کی ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اور وہ سچے ہیں سچے کیے گئے تحقیق

خَلْقَ اَحَدِكُمْ يُجْمَعُ فِيْ بَطْنِ اُمِّهٖ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا نُطْفَةً ثُمَّ يَكُوْنُ

پیدائش ایک تمہارے کی یہ ہے کہ جمع کیا جاتا ہے پیٹ ماں اپنی کے چالیس دن نطفہ پھر ہوتا ہے

عَلَقَةً مِّثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ يَكُوْنُ مُضْغَةً مِّثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ

خون جما ہوا مانند اسکی پھر ہوتا ہے مکڑا گوشت کا مانند اسکے پھر بھیجتا ہے اللہ

اِلَيْهِ مَلَكًا بِاَرْبَعِ كَلِمَاتٍ فَيَكْتُبُ عَمَلَهٗ وَاَجَلَهٗ وَرِزْقَهٗ وَشَقِيٌّ

طرف اسکے فرشتہ کو ساتھ چار باتوں کے پس لکھتا ہے وہ فرشتہ عمل اسکا اور موت اسکی اور روزی اسکی اور بدبخت ہونا

اَوْ سَعِيْدٌ ثُمَّ يُنْفَخُ فِيْهِ الرُّوْحُ فَوَالَّذِيْ لَا اِلٰهَ غَيْرُهٗ اِنَّ اَحَدَكُمْ

یا نیکبخت ہونا اسکا پھر پھونکی جاتی ہے بیچ اسکے روح پس قسم ہے اس ذات کی کہ نہیں کوئی معبود سوا اسکے تحقیق ایک تمہارا

لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهَا اِلَّا ذِرَاعٌ

البتہ کرتا ہے کام اہل بہشت کا یہانتک کہ نہیں ہوتا درمیان اسکے اور درمیان بہشت کے مگر ہاتھ بھر

فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ فَيَدْخُلُهَا وَاِنَّ اَحَدَكُمْ

پس غلبہ کرتی ہے اوپر اسکے سر نوشت اسکی پس کرتا ہے کام دوزخیوں کے سے پس داخل ہوتا ہے دوزخ میں اور تحقیق ایک تمہارا

لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهَا اِلَّا ذِرَاعٌ فَيَسْبِقُ

البتہ کرتا ہے کام دوزخیوں کے سے یہانتک کہ نہیں ہوتا درمیان اسکے اور درمیان دوزخ کے مگر ہاتھ بھر پھر غلبہ کرتی ہے

عَلَيْهِ الْكِتٰبُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَدْخُلُهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ

اسپر سرنوشت اسکی پس کرتا ہی کام بہشتیون کے سے پس داخل ہوتا ہے بہشت مین متفق علیہ اور روایت ہے

سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ اَهْلِ النَّارِ

سہل بیٹے سعد کے سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تحقیق بندہ البتہ کرتا ہے کام دوزخیونکے

وَاِنَّهٗ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَيَعْمَلُ عَمَلَ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاِنَّهٗ مِنْ اَهْلِ النَّارِ وَ

اور تحقیق وہ ہوتا ہے بہشتیون مین سے اور کرتا ہے کام بہشتیون کے اور تحقیق وہ ہوتا ہے دوزخیون مین سے اور

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالْخَوَاتِيْمِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دُعِيَ

نہین اعتبار عمل کا مگر ساتھہ خاتمہ کے متفق علیہ اور روایت ہی حضرت عائشہ رضہ سے کہا بلائے گئے

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى جَنَازَةِ صَبِيٍّ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ

پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم طرف جنازہ ایک لڑکے کے الصار مین سے پس کہا مینے اے رسول

اللّٰهِ طُوْبٰى لِهٰذَا عُصْفُوْرٌ مِّنْ عَصَافِيْرِ الْجَنَّةِ لَمْ يَعْمَلِ السُّوْٓءَ وَلَمْ

خدا کے خوشحالی ہے واسطے اس لڑکے کے کہ چڑیا ہے چڑیون بہشت کی سے نہین کی ہے اسنے برائی اور نہین

يُدْرِكْهُ فَقَالَ اَوَغَيْرُ ذٰلِكِ يَا عَائِشَةُ اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ لِلْجَنَّةِ اَهْلًا

پہنچا اسکو پس فرمایا کیا غیر اسکے اے عائشہ رض تحقیق اللہ نے پیدا کیا واسطے بہشت کے ایک لوگونکو

خَلَقَهُمْ لَهَا وَهُمْ فِيْٓ اَصْلَابِ اٰبَائِهِمْ وَخَلَقَ لِلنَّارِ اَهْلًا خَلَقَهُمْ

کہ پیدا کیا انکو واسطے اسکی اور وہ ہیچ پشتون باپون اپنی کے ہے اور پیدا کیا واسطے دوزخ کے کتنے اشخاص کو کہ

لَهَا وَهُمْ فِيْٓ اَصْلَابِ اٰبَائِهِمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

واسطے اسکے اور وہ ہیچ پشتون باپون اپنے کے ہے روایت کی یہ مسلم نے اور روایت ہے علی رضہ سے کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اِلَّا وَقَدْ كُتِبَ مَقْعَدُهٗ مِنَ النَّارِ وَمَقْعَدُهٗ

خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہین تم مین سے کوئی شخص مگر تحقیق لکھا گیا ٹھکانا اوسکا آگ مین اور ٹھکانا اوسکا

مِنَ الْجَنَّةِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا نَتَّكِلُ عَلٰى كِتَابِنَا وَنَدَعُ الْعَمَلَ قَالَ

بہشت مین عرض کیا صحابہ نے یا رسول اللہ کیا نہ بھروسا کرین ہم اوپر لکھے ہوئے اپنے کے اور چھوڑدین عمل کرنا فرمایا

اِعْمَلُوْا فَكُلٌّ مُّيَسَّرٌ لِّمَا خُلِقَ لَهٗ اَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ السَّعَادَةِ

عمل کرو پس ہر ایک آسان کیا گیا ہی واسطے اسچیز کے کہ پیدا کیا گیا واسطے اسکے اوپر جو شخص کہ ہو اہل نیکبختی کا

فَسَيُيَسَّرُ لِعَمَلِ السَّعَادَةِ وَاَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الشَّقَاوَةِ فَسَيُيَسَّرُ لِعَمَلِ

پس آسان کیا جاتا ہے وہ شخص عمل نیکی کے اور جو شخص کہ ہو اہل بدبختی سے پس آسان کیا جاتا ہے وہ شخص عمل

الشَّقَاوَةِ ثُمَّ قَرَأَ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى الْاٰيَةَ مُتَّفَقٌ

بدبختی کے پھر پڑھی یہ آیت پس جس شخص نے دیا اور پرہیزگاری کی اور سچا جانا اچھی بات کو آخر آیت تک متفق

عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

علیہ اور روایت ہے ابوہریرہ رضہ سے کہ کہا فرمایا پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے

اِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ عَلٰى ابْنِ اٰدَمَ حَظَّهٗ مِنَ الزِّنَا اَدْرَكَ ذٰلِكَ لَا مَحَالَةَ فَزِنَا

تحقیق اللہ نے لکھا ہے اوپر بیٹے آدم ع کے حصہ اسکا زنا سے کہ ہو پہنچیگا اسکو مقرر پس زنا

الْعَيْنِ النَّظَرُ وَزِنَا اللِّسَانِ الْمَنْطِقُ وَالنَّفْسُ تَمَنّٰى وَتَشْتَهِيْ وَالْفَرْجُ

آنکھ کا دیکھنا اور زنا زبان کا بولنا اور جان آرزو کرتی ہے اور خواہش کرتی ہے اور شرمگاہ

يُصَدِّقُ ذٰلِكَ وَيُكَذِّبُهٗ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ كُتِبَ

سچا کرتی ہے اسکو یا جھوٹا کرتی ہے اسکو متفق علیہ اور ایک روایت مسلم کی میں یہ ہے کہا لکھا گیا

عَلٰى ابْنِ اٰدَمَ نَصِيْبُهٗ مِنَ الزِّنَا مُدْرِكٌ ذٰلِكَ لَا مَحَالَةَ اَلْعَيْنَانِ

اوپر بیٹے آدم ع کے حصہ اسکا زنا سے پانیوالا ہے اسکو مقرر دونوں آنکھیں

زِنَاهُمَا النَّظَرُ وَالْاُذُنَانِ زِنَاهُمَا الْاِسْتِمَاعُ وَاللِّسَانُ زِنَاهُ الْكَلَامُ

زنا انکا دیکھنا اور دونوں کان زنا دونکا سننا اور زبان زنا اسکا بات کرنی

وَالْيَدُ زِنَاهَا الْبَطْشُ وَالرِّجْلُ زِنَاهَا الْخُطٰى وَالْقَلْبُ هَوٰى وَيَتَمَنّٰى

اور ہاتھ زنا انکا پکڑنا اور پاؤں زنا انکا چلنا اور دل خواہش کرتا ہے اور آرزو کرتا ہے

وَيُصَدِّقُ ذٰلِكَ الْفَرْجُ وَيُكَذِّبُهٗ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ

اور سچا کرتی ہے اسکو شرمگاہ اور جھٹلاتی ہے اسکو اور روایت ہے عمران بیٹے حصین کے سے کہ

رَجُلَيْنِ مِنْ مُزَيْنَةَ قَالَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ مَا يَعْمَلُ النَّاسُ الْيَوْمَ

دو شخص مزینہ کے نے کہا اے رسول خدا کے خبر دو ہمکو آجکے دن کی کہ کرتے ہیں لوگ آجکے دن

وَيَكْدَحُوْنَ فِيْهِ اَشَيْءٌ قُضِيَ عَلَيْهِمْ وَمَضٰى فِيْهِمْ مِنْ قَدَرٍ سَبَقَ

اور محنت کھینچتے ہیں اس میں کیا یہ ایک چیز ہے کہ مقدر کی گئی اوپر انکے اور گذری ہے اوپر انکے تقدیر سے کہ ہو چکی ہے

أَوْ فِيمَا يَسْتَقْبِلُونَ بِهِ مِمَّا آتَاهُمْ بِهِ نَبِيُّهُمْ وَثَبَتَتِ الْحُجَّةُ عَلَيْهِمْ فَقَالَ

یا بیچ اسچیز کے کہ آگے ہونیوالی ہے اسچیز سے کہ لایا ہے انکے پاس نبی انکا اور ثابت ہوئی دلیل اوپر

لَا بَلْ شَيْءٌ قُضِيَ عَلَيْهِمْ وَمَضَى فِيهِمْ وَتَصْدِيقُ ذَلِكَ فِي كِتَابِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

نہین بلکہ ایک چیز ہے کہ مقدر ہو چکی انپر اور گذر گئی انپر سابق اسکے زیچ کتاب اللہ کے کہ عزت والا بزرگ

وَنَفْسٍ وَمَا سَوَّاهَا فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي

قسم ہے جان کی اور اسکی قسم کہ برابر پیدا کیا اسکو پس جی مین ڈالی بدکاری اسکی اور پرہیزگاری اسکی روایت کی یہ مسلم نے اور روایت ہے ابو

هُرَيْرَةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي رَجُلٌ شَابٌّ وَأَنَا أَخَافُ عَلَى نَفْسِي الْعَنَتَ

ہریرہ رض سے کہا کہا مینے اے رسول خدا ص تحقیق مین مرد جوان ہون اور مین ڈرتا ہون اوپر نفس اپنے کے زنا سے

وَلَا أَجِدُ مَا أَتَزَوَّجُ بِهِ النِّسَاءَ كَأَنَّهُ يَسْتَأْذِنُهُ فِي الِاخْتِصَاءِ قَالَ فَسَكَتُّ

لَاَكَلْتُمْ مِنْهُ مَا بَقِيَتِ الدُّنْيَا وَرَاَيْتُ النَّارَ فَلَمْ اَرَ كَالْيَوْمِ مَنْظَرًا

البتہ کہاتے تم اوسمین سے جب تک کہ رہتی دنیا اور دیکھا مینے دوزخ کو پس نہین دیکھی مینے مانند آجکے دن کے کوئی جگہہ دیکھنے کی

قَطُّ اَفْظَعَ وَرَاَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا النِّسَآءَ فَقَالُوْا بِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ

کبھی بہت ہولناک اور دیکھیمین مینے اکثر رہنے والین اوسکی عورتین پس کہا صحابہ نے ساتھ کس سبب کے یارسول اللہ فرمایا

بِكُفْرِهِنَّ قِيْلَ يَكْفُرْنَ بِاللّٰهِ قَالَ يَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ وَيَكْفُرْنَ الْاِحْسَانَ لَوْ اَحْسَنْتَ اِلٰى

بسبب کفر اونکے کہا گیا کفر کرتی ہین ساتھ اللہ کے فرمایا کفران نعمت کرتی ہین خاوند کا اور کفران کرتی ہین احسان کا اگر نیکی کرے تو طرف

اِحْدٰهُنَّ الدَّهْرَ ثُمَّ رَاَتْ مِنْكَ شَيْئًا قَالَتْ مَا رَاَيْتُ مِنْكَ خَيْرًا

ایک کے اوسمین سے مدت تک پھر دیکھی تجسمے کچھ چیز برخلاف مرضی اپنی کہے نہین دیکھی مینے تجھسے نیکی

قَطُّ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ نَحْوَ حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَقَالَتْ ثُمَّ سَجَدَ

کبھی متفق علیہ اور روایت ہے عائشہ سے مانند حدیث ابن عباس کے اور کہا عائشہ نے پھر سجدہ کیا

فَاَطَالَ السُّجُوْدَ ثُمَّ انْصَرَفَ وَقَدِ انْجَلَتِ الشَّمْسُ فَخَطَبَ النَّاسَ فَحَمِدَ

پس لمبا کیا سجدہ پھر پھرے نماز سے اور تحقیق روشن ہوگیا تھا آفتاب پھر خطبہ فرمایا پس حمد کی

اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ اٰيَتَانِ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ

اللہ کی اور ثنا کی اوسپر پھر فرمایا تحقیق آفتاب اور چاند نشانیان ہین نشانیون خدا کی سے

لَا يَخْسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلَا لِحَيٰوتِهٖ فَاِذَا رَاَيْتُمْ ذٰلِكَ فَادْعُوا اللّٰهَ

نہین گہتی واسطے مرنے کیسکے اور نہ پیدا ہونے کیسکے پس جب دیکھو تم یہ پس دعا مانگو اللہ سے

وَكَبِّرُوا وَصَلُّوا وَتَصَدَّقُوا ثُمَّ قَالَ يَا أُمَّةَ مُحَمَّدٍ وَاللّٰهِ مَا مِنْ أَحَدٍ أَغْيَرُ

اور تکبیر کہو اور نماز پڑھو اور صدقہ دو پھر فرمایا اے امت محمد کی قسم ہے اللہ کی نہیں کوئی غیرت مند زیادہ

مِنَ اللّٰهِ أَنْ يَزْنِيَ عَبْدُهُ أَوْ تَزْنِيَ أَمَتُهُ يَا أُمَّةَ مُحَمَّدٍ وَاللّٰهِ لَوْ تَعْلَمُونَ مَا

اللہ سے اوپر زنا کرنے غلام اپنے کے یا لونڈی اپنی کے اے امت محمد کی قسم ہے اللہ کی اگر جانو تم وہ چیز کہ

أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيرًا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي مُوسَى

جانتا ہوں میں البتہ ہنستے تم اور روتے تم بہت متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابی موسے سے

قَالَ خَسَفَتِ الشَّمْسُ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَزِعًا يَخْشَى أَنْ تَكُونَ السَّاعَةُ

کہ کہا گہنا سورج پس کھڑے ہوئے حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم گھبرائے ہوئے ڈرتے تھے ہونے قیامت کے سے

فَأَتَى الْمَسْجِدَ فَصَلَّى بِأَطْوَلِ قِيَامٍ وَرُكُوعٍ وَسُجُودٍ مَا رَأَيْتُهُ قَطُّ يَفْعَلُهُ

پس آئے مسجد میں پس نماز پڑھی ساتھ بہت دراز قیام اور رکوع کے اور سجود کے نہیں دیکھا میں نے حضرت کو کبھی کہ کرے

وَقَالَ هٰذِهِ الْآيَاتُ الَّتِي يُرْسِلُ اللّٰهُ لَا تَكُونُ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ

اور فرمایا یہ نشانیاں ہیں کہ بھیجتا ہے اللہ نہیں ہوتیں سبب کسیکے مرنے کے اور نہ کسیکے پیدا ہونے کے

وَلٰكِنْ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهَا عِبَادَهُ فَإِذَا رَأَيْتُمْ شَيْئًا مِنْ ذٰلِكَ فَافْزَعُوا إِلَى

ولیکن ڈراتا ہے اللہ ساتھ ان نشانیوں کے اپنے بندوں کو پس جب دیکھو تم کچھ ان نشانیوں میں سے پس دوڑو خدا کی اور بھاگو

ذِكْرِهِ وَدُعَائِهِ وَاسْتِغْفَارِهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ انْكَسَفَتِ

ذکر خدا کے اور دعا اوسکیطرف اور استغفار اوسکیطرف متفق علیہ۔ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا گہنا

الشَّمْسُ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ مَاتَ إِبْرَاهِيمُ بْنُ رَسُولِ

آفتاب بیچ زمانے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے اوسدن کہ مرے ابراہیم بیٹے رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى بِالنَّاسِ سِتَّ رَكَعَاتٍ بِأَرْبَعِ سَجَدَاتٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس نماز پڑھائی لوگوں کو چھ رکوع ساتھ چار سجدوں کے روایت کی یہ مسلم نے

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ كَسَفَتِ الشَّمْسُ

اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا نماز پڑھائی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسوقت کہ گہنا آفتاب

ثَمَانَ رَكَعَاتٍ فِي أَرْبَعِ سَجَدَاتٍ وَعَنْ عَلِيٍّ مِثْلَ ذٰلِكَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

آٹھ رکوع بیچ چار سجدوں کے اور روایت ہے حضرت علی سے مانند اسکی روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كُنْتُ أَرْمِي بِأَسْهُمٍ لِي بِالْمَدِينَةِ فِي حَيَوٰةِ

عبد الرحمن بن سمرہ سے کہا تھا مین تیراندازی کرتا ساتھ تیرون اپنے کے مدینہ مین بیچ زندگی

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ إِذْ كَسَفَتِ الشَّمْسُ فَنَبَذْتُهَا فَقُلْتُ وَاللّٰهِ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ ناگاہ گہنا سورج پس پھینک دیہ مینے پھر کہا مینے قسم ہے اللہ کی

لَأَنْظُرَنَّ إِلَى مَا حَدَثَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي كُسُوفِ الشَّمْسِ قَالَ

البتہ دیکھونگا مین طرف اوسچیز کے کہ پیدا ہوئی واسطے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے بیچ گہنے آفتاب کے کہا عبد الرحمن نے

فَأَتَيْتُهُ وَهُوَ قَائِمٌ فِي الصَّلٰوةِ رَافِعٌ يَدَيْهِ فَجَعَلَ يُسَبِّحُ وَيُهَلِّلُ وَيُكَبِّرُ

پس آیا مین حضرت صلعم کے پاس اور حضرت صلعم کھڑے تھے نماز مین قائم ہوئے تھے دونو ہاتھ اپنے پھر شروع کیا کہنے تسبحان اللہ اور لا الہ الا اللہ

وَيَحْمَدُ وَيَدْعُو حَتّٰى حَسَرَ عَنْهَا فَلَمَّا حَسَرَ عَنْهَا قَرَأَ سُورَتَيْنِ وَصَلّٰى

اور الحمد للہ اور دعا مانگتے یہان تک کہ جاتا رہا اندہیرا آفتاب کا پس جب جاتا رہا اندہیرا اوس سے پڑھین دو سورتین اور نماز پڑھی

رَكْعَتَيْنِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ فِي صَحِيحِهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ وَكَذَا فِي

دو رکعت روایت کی یہ مسلم نے بیچ صحیح اپنی کے عبد الرحمن بن سمرہ سے اور اسیطرح

شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْهُ وَفِي نُسَخِ الْمَصَابِيحِ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ وَعَنْ أَسْمَاءَ

شرح السنۃ مین عبد الرحمن سے اور بیچ نسخون مصابیح کے جابر بن سمرہ سے - اور روایت ہے اسما

بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ قَالَتْ لَقَدْ أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ بِالْعَتَاقَةِ فِي كُسُوفِ الشَّمْسِ

بنت ابی بکر سے کہا تحقیق حکم فرمایا حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ آزاد کرنے بردی کے بیچ گہنے آفتاب کے

رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ الْفَصْلُ الثَّانِي عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ صَلّٰى

روایت کی یہ بخاری نے - فصل دوسری روایت ہے سمرہ بن جندب سے کہا نماز پڑھائی

بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي كُسُوفٍ لَا نَسْمَعُ لَهُ صَوْتًا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

ہمکو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ سورج گہن کے نہین سنتے تھے ہم حضرت صلعم کی آواز روایت کی یہ ترمذی

وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ قِيلَ لِابْنِ

اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے - اور روایت ہے عکرمہ سے کہا کہا گیا واسطے ابن

عَبَّاسٍ مَاتَتْ فُلَانَةُ بَعْضُ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ فَخَرَّ سَاجِدًا فَقِيلَ

عباس کے مر گئی فلانی بعضی بیبیون نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی گر پس گرا سجدہ کرتے ہوئے پس کہا گیا

لَهُ تَسْجُدُ فِي هٰذِهِ السَّاعَةِ فَقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ إِذَا

واسطے اونکے سجدہ کرتے ہو اسوقت مین پس کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جبکہ

رَأَيْتُمْ آيَةً فَاسْجُدُوْا وَأَيُّ آيَةٍ أَعْظَمُ مِنْ ذَهَابِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

دیکھو تم کوئی نشانی پس سجدہ کرو اور کونسی نشانی بہت بڑی ہے جاتی رہنی بی بیون نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ أُبَيٍّ

علیہ وسلم کی سے روایت کی یہ ابوداؤد اور ترمذی نے۔ فصل تیسری روایت ہے ابی

ابْنِ كَعْبٍ قَالَ انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى بِهِمْ

بن کعب سے کہ کہا گہا آفتاب پیچھے زمانے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس نماز پڑہائی حضرت نے

فَقَرَأَ سُوْرَةً مِنَ الطُّوْلٰى وَرَكَعَ خَمْسَ رَكَعَاتٍ وَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ

پس پڑہی ایک سورۃ لمبی سورتون مین سے اور رکوع کیے پانچ اور سجدے کیے دو سجدے پھر

قَامَ الثَّانِيَةَ فَقَرَأَ سُوْرَةً مِّنَ الطُّوْلٰى ثُمَّ رَكَعَ خَمْسَ رَكَعَاتٍ وَّسَجَدَ

کھڑے ہوئے دوسری رکعت مین پھر پڑہی ایک سورۃ لمبی سورتون سے پھر رکوع کیے پانچ اور سجدے کیے

سَجْدَتَيْنِ ثُمَّ جَلَسَ كَمَا هُوَ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ يَدْعُوْ حَتّٰى انْجَلَى كُسُوْفُهَا

دو سجدے پھر بیٹھے وہ جیسیکہ تھے سامنے قبلہ کے دعا مانگتے رہے یہانتک کہ جاتا رہا گہن آفتاب کا

رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ كَسَفَتِ الشَّمْسُ عَلٰى عَهْدِ

روایت کی یہ ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے نعمان بن بشیر سے کہ کہا گہا آفتاب زمانے

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ وَيَسْأَلُ عَنْهَا حَتّٰى

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے مین پس شروع کی حضرت نے نماز پڑہنی دو دو رکعت اور پوچہتے کہلتا آفتاب کا

انْجَلَتِ الشَّمْسُ رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَفِيْ رِوَايَةِ النَّسَائِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى

کہ روشن ہوا آفتاب روایت کی یہ ابوداؤد نے اور بیچ روایت نسائی کے یہ کہ نبی صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى حِيْنَ انْكَسَفَتِ الشَّمْسُ مِثْلَ صَلٰوتِنَا يَرْكَعُ وَيَسْجُدُ وَلَهُ

علیہ وسلم نے پڑہی نماز اوسوقت کہ گہا آفتاب مانند نماز ہماری کے رکوع کرتے تہا اور سجدے کرتے تہا

فِيْ أُخْرٰى أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمًا مُسْتَعْجِلًا إِلَى الْمَسْجِدِ وَقَدْ

اور بیچ اور روایت نسائی کے یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نکلے ایک روز جلدی کرتے ہوئے طرف مسجد کے اوسحالیکہ تحقیق

انكسفت الشمس فصلى حتى انجلت ثم قال ان اهل الجاهلية كانوا
گہنا تہا آفتاب پس نماز پڑہی یہان تک کہ روشن ہوا آفتاب پھر کہا تحقیق اہل جاہلیت کے تھے
يقولون ان الشمس والقمر لا ينخسفان الا لموت عظيم من عظماء اهل
کہتے کہ تحقیق سورج اور چاند نہین گہنتے مگر واسطے مرنے بڑے کے بڑی سرداروں اہل
الارض وان الشمس والقمر لا ينخسفان لموت احد ولا لحيوته ولكنهما
زمین کے سو اور حال یہ ہے کہ سورج اور چاند نہین گہنتے واسطے مرنے کسیکے اور نہ پیدا ہونے کسیکے لیکن یہ دونو
خليقتان من خلق يحدث الله في خلقه ما شاء فاذا هما انخسف
مخلوق ہین اللہ کے مخلوقون مین سے پیدا کرتا ہے اللہ بیچ مخلوق اپنی کے جو چاہتا ہے پس کوئی سا دونون مین سے گہے
فصلوا حتى ينجلي او يحدث الله امرا رواه النسائي وباب في
پس نماز پڑہو یہان تک کہ روشن ہو یا پیدا کرے اللہ کوئی حکم نقل کی یہ نسائی نے۔ باب ہے بیچ بیان
سجود الشكر وهذا الباب خال عن الفصل الاول والثالث
سجدہ شکر کے اور یہ باب خالی ہے پہلی فصل اور تیسری فصل سے
الفصل الثاني عن ابي بكرة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم
فصل دوسری روایت ہے ابی بکرہ سے کہ کہا تہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم
اذا جاءه امر سرور او بشر به خر ساجدا شاكرا لله تعالى رواه ابو داود
جب آتا اونکو کوئی امر خوشی کا یا آتا حضرت مہ کو کوئی امر کہ خوشی کیجاتے بسبب اوسکے گرتے سجدہ کرتے ہوئے واسطے
والترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وعن ابي جعفر
اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور روایت ہے ابی جعفر سے
ان النبي صلى الله عليه وسلم راى رجلا من الثعاشين فخر ساجدا رواه الدارقطني
یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے دیکہا ایک شخص کو بطونون مین کہ پس گرے سجدہ کرتے ہوئے روایت کی یہ دارقطنی نے
مرسلا وفي شرح السنة لفظ المصابيح وعن سعد بن ابي وقاص
بطریق ارسال کے اور شرح السنہ مین موافق لفظ مصابیح کے۔ اور روایت ہے سعد بن ابی وقاص سے
قال خرجنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم من مكة نريد المدينة فلما كنا
کہا نکلے ہم ساتہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے مکے سے ارادہ رکہتے تہے ہم مدینہ کا پس جبکہ پہنچے ہم

ل پیدا کرتا ہے
اخرجہ ابن ابی شیبہ اور
سجدہ اور شکر کی جگہ لفظ
کہا راوی نے جگہ لفظ یعنی
سورج کے یعنی سورج
آتا ہے اور ۱۲ سم
سجدہ کرتے ہوئے اللہ
واسطے شکر کرنے اوسکے
تعالے کے شافعی اور
احمد اور محمد بن اور
اوسنت کہتے ہین اور
اور ابو حنیفہ اور
مالک اسکو مکروہ کہتے
ہین اور حق شافعی اور
احمد اور محمد کا قول ہے اور
مستند احادیث سجدہ
شکر ثابت ہے واللہ اعلم
الہمات مختصرا
پس
سجدہ کرتے ہوئے کما مظہر
نے نسبت ہے جبکہ دیکہے مبتلائی
بلا کو سجدہ شکر کا کرے اللہ کے
لیے اسپر کہ عافیت دی اللہ تعالے
نے اسکو اس بلا سے ۱۲

قَرِيبًا مِّنْ عَزْوَرَاءَ نَزَلَ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ فَدَعَا اللّٰهَ سَاعَةً ثُمَّ خَرَّ

نزدیک عزوراء کے اوتری حضرت ؐ پھر اوٹھائے دونوں ہاتھ اپنے پھر دعا مانگی اللہ سے تھوڑی سی دیر پھر گرے

سَاجِدًا فَمَكَثَ طَوِيلًا ثُمَّ قَامَ فَرَفَعَ يَدَيْهِ سَاعَةً ثُمَّ خَرَّ سَاجِدًا

سجدہ کرتے ہوئے پس ٹھہرے سجدہ میں دیر تک پھر کھڑے ہوئے پس اوٹھائے دونوں ہاتھ اپنے تھوڑی سی دیر پھر گرے سجدہ کرتے ہوئے

فَمَكَثَ طَوِيلًا ثُمَّ قَامَ فَرَفَعَ يَدَيْهِ سَاعَةً ثُمَّ خَرَّ سَاجِدًا قَالَ إِنِّي

پس ٹھہرے دیر تک پھر کھڑے ہوئے پس اوٹھائے دونوں ہاتھ اپنے تھوڑی سی دیر پھر گرے سجدہ کرتے ہوئے فرمایا تحقیق میں نے

سَأَلْتُ رَبِّي وَشَفَعْتُ لِأُمَّتِي فَأَعْطَانِي ثُلُثَ أُمَّتِي فَخَرَرْتُ سَاجِدًا

دعا کی رب اپنے سے اور شفاعت کی میں واسطے امت اپنی کے پس دی مجکو تہائی امت پھر گرا میں سجدہ کرتا ہوا

لِرَبِّي شُكْرًا ثُمَّ رَفَعْتُ رَأْسِي فَسَأَلْتُ رَبِّي لِأُمَّتِي فَأَعْطَانِي ثُلُثَ

واسطے پروردگار اپنے کے شکر کرنے کے پھر اوٹھایا میں نے سر اپنا پھر مانگی میں نے رب اپنے سے واسطے امت اپنی کے پس دی مجکو اوتہائی

أُمَّتِي فَخَرَرْتُ سَاجِدًا لِرَبِّي شُكْرًا ثُمَّ رَفَعْتُ رَأْسِي فَسَأَلْتُ رَبِّي

امت میری پھر گرا میں سجدہ کرتا ہوا واسطے پروردگار اپنے کے شکر کرنے کے پھر اوٹھایا میں نے سر اپنا پس سوال کیا میں نے رب اپنے سے

لِأُمَّتِي فَأَعْطَانِي الثُّلُثَ الْآخَرَ فَخَرَرْتُ سَاجِدًا لِرَبِّي رَوَاهُ أَحْمَدُ

واسطے امت اپنی کے پس دی مجکو تہائی اخیر کی پھر گرا میں سجدہ کرتا ہوا واسطے پروردگار اپنے کے روایت کی یہ احمد

وَأَبُو دَاوُدَ بَابُ صَلٰوةِ الْاِسْتِسْقَاءِ الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

اور ابو داؤد نے۔ باب ہے بیچ بیان نماز استسقا کے فصل پہلی

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ إِلَى الْمُصَلّٰى

روایت ہے عبد اللہ بن زید سے کہا نکلے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم ساتھ لوگوں کے طرف عیدگاہ کی

يَسْتَسْقِي فَصَلّٰى بِهِمْ رَكْعَتَيْنِ جَهَرَ فِيهِمَا بِالْقِرَاءَةِ وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ

واسطے طلب مینہ کی پس نماز پڑھی ساتھ صحابہ کے دو رکعت پکار کر پڑھی اونمیں قرأت اور سامنے ہوئے قبلہ کے

يَدْعُو وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَحَوَّلَ رِدَاءَهُ حِينَ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

دعا کرتے تھے اور اوٹھائے دونوں ہاتھ اپنے اور پھیری چادر اپنی اوسوقت کہ سامنے ہوئے قبلہ کے متفق علیہ۔

وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِي شَيْءٍ مِّنْ دُعَائِهِ

اور روایت ہے انس سے کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہیں اوٹھاتے تھے دونوں ہاتھ اپنے ہیچ کسی چیز کی دعا اپنی

الا فی الاستسقاء فانه یرفع حتی یری بیاض ابطیه متفق علیه و
مگر استسقاء مین پس تحقیق اوٹھاتے تھے یہانتک کہ دیکھائی جاتی تھی سفیدی بغلون انکی کی متفق علیہ اور
عنه ان النبی صلی الله علیه وسلم استسقی فاشار بظهر کفیه الی السماء
روایت ہے انس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مینہ مانگا پس اشارہ کیا ساتھ پشت دونوں ہتھیلیوں اپنی کے طرف آسمان کے
رواه مسلم وعن عائشة قالت ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کان اذا
روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے عائشہ سے کہا تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم تھے جسوقت
رای المطر قال اللهم صیبا نافعا رواه البخاری وعن انس قال اصابنا
دیکھتے مینہ فرماتے یا الٰہی برسا خوب مینہ نفع دینے والا روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے انس سے کہا پہنچا ہمکو
ونحن مع رسول الله صلی الله علیه وسلم مطر قال فحسر رسول الله صلی الله علیه وسلم
اور ہم تھے ساتھ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا انس نے پس اوتارا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے
ثوبه حتی اصابه من المطر فقلنا یا رسول الله لم صنعت هذا
کپڑا اپنا یہانتک کہ پہنچا حضرت کو مینہ پس کہا ہمنے یا رسول اللہ کسواسطے کیا اپنے یہہ
قال لانه حدیث عهد بربه رواه مسلم الفصل الثانی عن
فرمایا اسواسطے کہ نیا آیا ہوا ہے پروردگار اپنے کے پاس سے نقل کی یہ مسلم نے۔ فصل دوسری روایت ہے
عبد الله بن زید قال خرج رسول الله صلی الله علیه وسلم الی المصلی فاستسقی
عبداللہ بن زید سے کہا نکلے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم طرف عیدگاہ کے پس استسقا کیا
وحول رداءه حین استقبل القبلة فجعل عطافه الایمن علی عاتقه
اور پھیری چادر اپنی اوسوقت کہ سامنے ہوئے قبلہ کے پس گردانا داہنا کونا اوسکا اوپر بائین
الایسر وجعل عطافه الایسر علی عاتقه الایمن ثم دعا الله رواه
مونڈھے اپنے کے اور گردانا بایاں کونہ اوسکا اوپر داہنے مونڈھے اپنے کے پھر دعا کی اللہ تعالیٰ سے روایت کی یہ
ابوداود وعنه قال استسقی رسول الله صلی الله علیه وسلم وعلیه خمیصة
ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے اوسی عبداللہ سے کہا استسقا کیا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور اوپر انکے چادر تھی
له سوداء فاراد ان یاخذ اسفلها فیجعله اعلاها فلما ثقلت قلبها
سیاہ رنگ کی پس ارادہ کیا یہ کہ لیویں نیچے کی جانب اوسکی پس کریں اوسکو اوپر کی جانب پس جبکہ بھاری ہوگئی اولٹ لی چادر

عَلٰی عَاتِقِیْہِ رَوَاہُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ عُمَیْرٍ مَوْلَی اَبِی اللَّحْمِ اَنَّہٗ رَاٰی

اوپر دونو مونڈھون اپنے کے نقل کی یہ احمد اور ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے عمیر سے کہ غلام آزاد کیا ہوا ابی اللحم کا تھا یہ کہ اس نے

النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَسْتَسْقِیْ عِنْدَ اَحْجَارِ الزَّیْتِ قَرِیْبًا مِّنَ الزَّوْرَاءِ قَائِمًا

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ استسقا کرتے تھے نزدیک احجار الزیت کے قریب زوراء کے کھڑے ہوئے

یَّدْعُوْ یَسْتَسْقِیْ رَافِعًا یَدَیْہِ قِبَلَ وَجْھِہٖ لَا یُجَاوِزُ بِھِمَا رَاْسَہٗ رَوَاہُ

دعا مانگتے تھے استسقا کرتے تھے اوٹھائے ہوئے دونو ہاتھ اپنے کی طرف منہ اپنے کی نہیں اوچا کرتے تھے اونکو سر اپنے سے روایت کی یہ

اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَی التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ نَحْوَہٗ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ

ابوداؤد نے اور روایت کی ترمذی اور نسائی نے مانند اسکے۔ اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا

خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَعْنِیْ فِیْ لِاسْتِسْقَاءٍ مُتَبَذِّلًا مُّتَوَاضِعًا

نکلے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم یعنے استسقا کے لیے اوس حال میں کہ ترک کیے ہوئے تھے زینت کو اوتھم کیے ہوئے

مُّتَخَشِّعًا مُّتَضَرِّعًا رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ

عاجزی کرنیوالے زاری کرنیوالے نقل کی یہ ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے

وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنْ جَدِّہٖ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ اوسنے نقل کی اپنے باپ سے اوسنے اپنے دادا سے کہا تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم

اِذَا اسْتَسْقٰی قَالَ اَللّٰھُمَّ اسْقِ عِبَادَکَ وَبَھِیْمَتَکَ وَانْشُرْ رَحْمَتَکَ وَاَحْیِ

جسوقت کہ استسقا کرتے کہتے یا الٰہی پلا پانی اپنے بندوں کو اور اپنے جانوروں کو اور پھیلا اپنی رحمت اور زندہ کر

بَلَدَکَ الْمَیِّتَ رَوَاہُ مَالِکٌ وَّاَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ

اپنے شہر مردہ کو نقل کی یہ مالک اور ابوداؤد نے۔ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا دیکھا میں نے رسول خدا

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُوْمِیْ فَقَالَ اَللّٰھُمَّ اسْقِنَا غَیْثًا مُّغِیْثًا مَّرِیْئًا مَّرِیْعًا نَافِعًا

صلی اللہ علیہ وسلم کو اوٹھاتے ہاتھ پس کہتے یا الٰہی پلا ہمکو مینہ کہ فریاد رسی کرے اور اچھا ہو انجام اور ازالی کرے نفع کرنیوالا

غَیْرَ ضَارٍّ عَاجِلًا غَیْرَ اٰجِلٍ قَالَ فَاَطْبَقَتْ عَلَیْھِمُ السَّمَآءُ رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ

نہ ضرر کرنیوالا جلدی آنیوالا دیر لگانیوالا کہا جابر نے پس چھا گیا اوپر ابر روایت کی یہ ابوداؤد نے

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ شَکَا النَّاسُ اِلٰی رَسُوْلِ

فصل تیسری روایت ہے عائشہ رضی سے کہ کہا شکایت کی لوگوں نے طرف رسول

---

۱ احجار الزیت نام ایک جگہ کا ہے مدینہ منورہ میں ۱۲

۲ زوراء کے یہ ایک مقام ہے مدینہ کے بازار میں ۱۲

۳ طرف موڈنا منہ کے ۱۲

۴ یعنے کبھی استسقا میں موافق معمول کے ہاتھ نہیں اوچا کرتے تھے پس اس صورت میں یہ روایت مسلم کی روایت کے مخالف نہ ہوگی جسمیں ہاتھوں کی پیٹھوں کا آسمان کی طرف کرنا مذکور ہے ۱۲

۵ یعنے استسقا کے لیے توضع کیے ہوئے یعنے ظاہر میں

۶ عاجزی کرنیوالے یعنے

۷ صلوٰۃ استسقاء

۸ بالکل مینہ ۱۲

۹ زاری کرنیوالے یعنے ۱۲

۱۰ یعنے جہاں کہ ہو کھڑا ۱۲

۱۱ استسقا میں جہاں کہ ہو کھڑا ہو کر

۱۲ اور دعا یا دونو کو ضرر کی دوا کا

۱۳ یعنے گرد اگرد روکو کو لیکن

۱۴ چاہیے اور سب کو استسقا کرنا

۱۵ خوش ہو کر اسکے یعنے عبداللہ بن عمر

۱۶ اور زندہ

۱۷ بن عاص سے ۱۲

۱۸ یعنے ۱۲

۱۹ ۱۲

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فحوط المطر فامر بمنبر فوضع له فی المصلی ووعد الناس

خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے نہونے مینہ کے پس حکم کیا ساتھ رکھنے منبر کے پس رکھا گیا منبر واسطے حضرت کے عیدگاہ میں اور وعدہ

یوما یخرجون فیه قالت عائشة فخرج رسول الله صلی الله علیه حین بدا

ایک دن کا کہ نکلیں اوسمین کہا حضرت عائشہ نے پس نکلے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم اوسوقت کہ ظاہر ہوا

حاجب الشمس فقعد علی المنبر فکبر وحمد الله ثم قال انکم شکوتم

کنارہ آفتاب کا پس بیٹھے منبر پر پس تکبیر کہی اور حمد کی اللہ کی پھر فرمایا تحقیق تمنے شکایت کی

جدب دیارکم واستیخار المطر عن ابان زمانه عنکم وقد امرکم

خشک ہونیکی بیچ شہروں اپنے کے اور دیر لگنے مینہ کے وقت مقرر اوسکے سے تمسے اور تحقیق حکم کیا تمکو

الله ان تدعوه ووعدکم ان یستجیب لکم ثم قال الحمد لله رب

اللہ نے یہ کہ مانگو اوس سے اور وعدہ کیا ہے تمسے یہ کہ قبول کریگا واسطے تمہاری پھر فرمایا سب تعریف واسطے اللہ کے پروردگار

العلمین الرحمن الرحیم مالک یوم الدین لا الٰه الا الله یفعل ما یرید

عالموں کا بخشنے والا مہربان مالک دن جزا کا نہین کوئی معبود مگر اللہ کرتا ہے جو چاہتا ہے

اللهم انت الله لا الٰه الا انت الغنی ونحن الفقراء انزل علینا

یا الٰہی تو ہے معبود نہین کوئی معبود سوائے تیرے تو بے پرواہ ہے اور ہم فقیر ہین نازل کر ہمپر

الغیث واجعل ما انزلت لنا قوة وبلاغا الی حین ثم رفع یدیه

مینہ اور گردان تو اوسچیز کو کہ اوتاری تو نے سبب قوت کا اور پہنچنے کا ایکمدت دراز تک پھر اٹھائے دونو ہاتھ اپنے

فلم یترک الرفع حتی بدا بیاض ابطیه ثم حول الی الناس ظهره و

پس نہ چھوڑا ہاتھ اوٹھانا یہانتک کہ ظاہر ہوئی سفیدی بغلون حضرت کی پھر پھیری طرف لوگونکے پیٹھ اپنی اور

قلب او حول رداءه وهو رافع یدیه ثم اقبل علی الناس ونزل فصلی

الٹے یا کہا پھیری چادر اپنی اور اٹھائے ہوئے تھے دونو ہاتھ اپنے پھر متوجہ کیا طرف لوگون کے اور اترے پھر نماز پڑھی

رکعتین فانشا الله سحابة فرعدت وبرقت ثم امطرت باذن الله

دو رکعت پس ظاہر کیا اللہ تعالی نے ابر پھر گرجا اور چمکی بجلی پھر برسا مینہ ساتھ حکم خدا کے

فلم یات مسجده حتی سالت السیول فلما رای سرعتهم الی الکن

پس نہ آئے اپنی مسجد مین یہانتک کہ بہنے نالے پس جب دیکھی جلدی اونکی طرف سایہ کی

ضَحِكَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ فَقَالَ اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

ہنسے یہان تک کہ ظاہر ہوئین کچلیان حضرت صلعم کی پھر فرمایا گواہی دیتا ہون مین یہ کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے

وَاَنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ

اور مین بندہ ہون اللہ کا اور رسول اوسکا روایت کی یہ ابوداؤد نے ۔ اور روایت ہے انس سے یہ کہ عمر بن خطاب

كَانَ اِذَا قَحَطُوا اسْتَسْقٰى بِالْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ

تھے جبوقت کہ ہوتا قحط استسقاء کرتے ساتھ وسیلہ عباس بن عبدالمطلب کے پس کہتے یا الٰہی

اِنَّا كُنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّنَا فَتَسْقِيْنَا وَاِنَّا نَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ بِعَمِّ نَبِيِّنَا

تحقیق تھے ہم وسیلہ کرتے طرف تیری ساتھ نبی اپنے کے پس پلاتا تو ہمکو اور تحقیق اب ہم وسیلہ کرتے ہین طرف تیری

فَاسْقِنَا قَالَ فَيُسْقَوْنَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ

پس پلا ہمکو کہا انسنے پس مینہ برسایا جاتے روایت کی یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا سنا مینے

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ خَرَجَ نَبِيٌّ مِّنَ الْاَنْبِيَاءِ بِالنَّاسِ يَسْتَسْقِيْ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ فرماتے تھے نکلے ایک نبی انبیا مین سے ساتھ لوگونکے واسطے استسقا کے

فَاِذَا هُوَ بِنَمْلَةٍ رَافِعَةٍ بَعْضَ قَوَائِمِهَا اِلَى السَّمَآءِ فَقَالَ ارْجِعُوْا فَقَدْ

پس ناگہان نبی نے دیکھا چیونٹیکو کہ اوٹھائے ہوئے ہے بعضی پاؤن اپنے کو طرف آسمان کی پس کہا اوس نبی نے پھر چلو پس تحقیق

اُسْتُجِيْبَ لَكُمْ مِنْ اَجْلِ هٰذِهِ النَّمْلَةِ رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ بَابٌ فِي الرِّيَاحِ

قبول کی گئی دعا تمہاری بسبب اس چیونٹی کے نقل کی یہ دارقطنی نے باب ہے ہوا کے بیان مین

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

فصل پہلی روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

نُصِرْتُ بِالصَّبَا وَاُهْلِكَتْ عَادٌ بِالدَّبُوْرِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ

مدد دیا گیا مین ساتھ پوروا ہوا کے اور ہلاک کیے گئے عاد ساتھ پچھوا کے متفق علیہ ۔ اور روایت ہے عائشہ

قَالَتْ مَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَاحِكًا حَتّٰى اَرٰى مِنْهُ لَهَوَاتِهِ

کہ کہا نہین دیکھا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو ہنستے ہوئے یہان تک کہ دیکھوین مین اوسکے کوے اوسکے کو

اِنَّمَا كَانَ يَتَبَسَّمُ فَكَانَ اِذَا رَاٰى غَيْمًا اَوْ رِيْحًا عُرِفَ فِيْ وَجْهِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

نہ تھے مگر تبسم فرماتے پس تھے جبوقت دیکھتے ابر یا باد پہچانا جاتا تغیر پھیر چہرہ اوسکے متفق علیہ

مبارک پر جاکر دعا مانگی اور نہ منگوائی پس جبکہ قبر والے سے دعا منگوائی یا قبر پر جاکر حل مشکلات کیواسطے خود دعا کرنا روایات

وَعَنْهَا قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا عَصَفَتِ الرِّيحُ قَالَ اللّٰهُمَّ

اور روایت ہے عائشہ سے کہ کہا تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم جسوقت کہ شدت کی چلتی باد کہتے یا الٰہی

إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيهَا وَخَيْرَ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ

تحقیق مین مانگتا ہون تجھسے بہلائی اسکی کہ اسکی ذات مین ہے اور بہلائی اوسچیز کی کہ اوسمین ہے اور بہلائی اوسچیز کی کہ بھیجی گئی ہے ہوا

شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيهَا وَشَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ وَإِذَا تَخَيَّلَتِ السَّمَاءُ تَغَيَّرَ لَوْنُهُ

برائی اوسکی سے اور برائی اوسچیز کی سے کہ اوسمین ہے اور برائی اوسچیز کی سے کہ بھیجی گئی ہے ہوا سے اور جسوقت کہ ابر ہوتا آسمان پر تو

وَخَرَجَ وَدَخَلَ وَأَقْبَلَ وَأَدْبَرَ فَإِذَا مَطَرَتْ سُرِّيَ عَنْهُ فَعَرَفَتْ ذٰلِكَ

اور نکلتے گھر سے باہر اور جاتے اندر اور آتے اور پھر جاتے پس جسوقت کہ مینہ برسنے لگتا جاتا رہتا خوف و اضطراب حضرت کا اور

عَائِشَةُ فَسَأَلَتْهُ فَقَالَ لَعَلَّهُ يَا عَائِشَةُ كَمَا قَالَ قَوْمُ عَادٍ فَلَمَّا رَأَوْهُ

عائشہ نے پس پوچھا حضرت سے اوسکا سبب اوسکا پس فرمایا حضرت نے شاید کہ یہ ابرای عائشہ مانند اوسکے ہو کہ کہا قوم عاد نے اوسکو جسوقت

عَارِضًا مُسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ قَالُوا هٰذَا عَارِضٌ مُمْطِرُنَا وَفِي رِوَايَةٍ

ابر سامنے آیا اوادیوں کے کہا اوس قوم نے یہ ابر ہے برسے گا ہمپر اور ایکروایت مین ہے

وَيَقُولُ إِذَا رَأَى الْمَطَرَ رَحْمَةٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

اور فرماتے جسوقت دیکھتے مینہ کو کہ گردان تو اوس مینہ کو سبب رحمت کا متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَفَاتِيحُ الْغَيْبِ خَمْسٌ ثُمَّ قَرَأَ إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے خزانے غیب کے پانچ ہین پھر پڑہی یہ آیت تحقیق اللہ نزدیک اوسکے علم قیامت کا ہے

وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ الْآيَةَ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

اور اوتارتا ہے مینہ آخر آیت تک روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَتِ السَّنَةُ بِأَنْ لَا تُمْطَرُوا وَلٰكِنَّ السَّنَةَ أَنْ تُمْطَرُوا وَ

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین ہے قحط شدید یہ کہ نہ برسائے جاؤ تم ولیکن قحط شدید یہ ہے کہ برسائے جاؤ تم اور

تُمْطَرُوا وَلَا تُنْبِتُ الْأَرْضُ شَيْئًا رَوَاهُ مُسْلِمٌ الْفَصْلُ الثَّانِي

برسائے جاؤ اور نہ اگاوے زمین کچھ روایت کی یہ مسلم نے۔ فصل دوسری

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الرِّيحُ مِنْ رَوْحِ

روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے باؤ رحمت

اللہ تاتی بالرحمۃ وبالعذاب فلا تسبوھا وسلوا اللہ من خیرھا وعوذوا

اللہ کی سو ہو لاتی ہو رحمت کو اور عذاب کو پس نہ برا کہو اوسکو اور مانگو اللہ سو بھلائی اوسکی اور پناہ مانگو اللہ سو

بہ من شرھا رواہ الشافعی وابوداود وابن ماجۃ والبیہقی فی الدعوات الکبیر

برائی باؤ کی سے روایت کی یہ شافعی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے اور بیہقی نے دعوات کبیر میں

وعن ابن عباس ان رجلا لعن الریح عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال لا

اور روایت ہو ابن عباس سو یہ کہ ایک شخص نے لعنت کی ہوا کو روبرو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پس فرمایا نہ

تلعنوا الریح فانھا مامورۃ وانہ من لعن شیئا لیس لہ باھل رجعت اللعنۃ

لعنت کرو باؤ کو اس لیے کہ وہ امر کی گئی ہے اور تحقیق جو کوئی لعنت کرتا ہو کسی چیز کو کہ نہ ہو وہ قابل لعنت کے پھیر پڑتی ہے

علیہ رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب وعن ابی بن کعب قال

لعنت کرنیوالے پر روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے۔ اور روایت ہو ابی بن کعب سے کہ کہا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تسبوا الریح فاذا رایتم ما تکرھون فقولوا

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ برا کہو باؤ کو پس جبوقت کہ دیکھو اوس باؤ کو کہ ناخوش رکھتی ہو پس کہو

اللھم انا نسئلک من خیر ھذہ الریح وخیر ما فیھا وخیر ما امرت بہ

یا الٰہی تحقیق ہم سوال کرتے ہین تجھسے بھلائی اوس باؤ کی سو اور بھلائی اوسچیز کی سو کہ اوسمین ہو اور بھلائی اوسچیز کی سو کہ امر کی گئی ساتھ اوسکے

ونعوذ بک من شر ھذہ الریح وشر ما فیھا وشر ما امرت بہ رواہ

اور پناہ مانگتے ہین ساتھ تیری برائی اس باؤ کی سے اور برائی اوسچیز کی سو کہ اوسمین ہو اور برائی اوسچیز کی سو کہ امر کی گئی ساتھ اوسکے

الترمذی وعن ابن عباس قال ما ھبت ریح قط الا جثا النبی صلی اللہ

ترمذی نے۔ اور روایت ہو ابن عباس سو کہ کہا نہیں چلی باؤ کبھی کہ نہو بیٹھے تھے نبی صلی اللہ

علیہ وسلم علی رکبتیہ وقال اللھم اجعلھا رحمۃ ولا تجعلھا عذابا اللھم

علیہ وسلم دوزانو اور کہتے یا الٰہی کردان اس باؤ کو رحمت اور نہ کردان اسکو عذاب یا الٰہی

اجعلھا ریاحا ولا تجعلھا ریحا قال ابن عباس فی کتاب اللہ تعالی انا ارسلنا

کردان تو اسکو ریاح اور نہ کردان تو اسکو ریح کہا ابن عباس نے کہ پھیر کتاب اللہ کی واقع ہوا ہو تحقیق ہم بھیجتے

علیھم ریحا صرصرا وارسلنا علیھم الریح العقیم وارسلنا الریاح لواقح

اوپر باؤ تند اور بھیجی ہمنے اوپر باؤ بانجھ اور بھیجین ہمنے باورین میوہ لانیوالین

وَاَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرَاتٍ رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي الدَّعَوَاتِ الْكَبِيْرِ

اور یہ کہ بھیجتا ہے باد ین خوشخبری دینے والین نقل کی یہ شافعی نے اور بیہقی نے دعوات کبیر مین۔

وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَبْصَرَ نَاشِئًا مِّنَ السَّمَاءِ

اور روایت ہے عائشہ سے کہ کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جسوقت کہ دیکھتے ایک چیز کو کہ پیدا ہوئی آسمان سے

تَعْنِي السَّحَابَ تَرَكَ عَمَلَهُ وَاسْتَقْبَلَهُ وَقَالَ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا

یعنی ابر چھوڑ دیتے کام اور سامنے ہوتے ابر کے اور کہتے یا الٰہی تحقیق مین پناہ مانگتا ہون تا تیری برای

فِيْهِ فَاِنْ كَشَفَهُ حَمِدَ اللّٰهَ وَاِنْ مَّطَرَتْ قَالَ اللّٰهُمَّ سَقْيًا نَافِعًا رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ

اوسمین ہے پس اگر کھولدیتا اوسکو اللہ تعریف کرتے اللہ کی اور اگر برستا مینہ کہتے یا الٰہی دے پانی نفع دینے والا روایت کی یہ ابوداؤد اور

وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالشَّافِعِيُّ وَاللَّفْظُ لَهٗ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

اور نسائی اور ابن ماجہ اور شافعی نے اور لفظ واسطے شافعی کے۔ اور روایت ہے ابن عمر سے یہ کہ تحقیق نبی صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا سَمِعَ صَوْتَ الرَّعْدِ وَالصَّوَاعِقِ قَالَ اللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ

علیہ وسلم تھے جبکہ سنتے آواز کڑجنے کی اور معلوم کرتے بجلی کہتے یا الٰہی نہ مار ہمکو ساتھ غصہ اپنے کے

وَلَا تُهْلِكْنَا بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا

اور نہ ہلاک کر ہمکو ساتھ عذاب اپنے کے اور عافیت مین رکھ ہمکو پہلے اس سے روایت کی یہ احمد اور ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ

حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ اَلْفَضْلُ الثَّالِثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّهٗ كَانَ

حدیث غریب ہے۔ فصل تیسری روایت ہے عبداللہ بن زبیر سے یہ کہ وہ تھے

اِذَا سَمِعَ الرَّعْدَ تَرَكَ الْحَدِيْثَ وَقَالَ سُبْحَانَ الَّذِيْ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَ

جب سنتے آواز کڑجنے کی چھوڑ دیتے باتون کو اور کہتے پاک ہے وہ ذات کہ تسبیح کرتا ہے رعد ساتھ تعریف اوسکے اور

الْمَلٰئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ رَوَاهُ مَالِكٌ كِتَابُ الْجَنَائِزِ بَابُ عِيَادَةِ

اور فرشتے خوف اوسکے سے نقل کی یہ مالک نے۔ کتاب پہچ بیان جنازون کی باب ہے پہچ بیان پوچھنے

الْمَرِيْضِ وَثَوَابِ الْمَرَضِ اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ

بیمار کے اور ثواب بیمار کی۔ فصل پہلی روایت ہے ابی موسیٰ سے کہ کہا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَطْعِمُوا الْجَائِعَ وَعُوْدُوا الْمَرِيْضَ وَفُكُّوا الْعَانِيَ

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کھلاؤ بھوکے کو اور پوچھو بیمار کو اور چھوڑادو قیدی کو

رواہ البخاری وعن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حق المسلم

روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہی ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے حق مسلمان کے

علی المسلم خمس ردّ السلام وعیادۃ المریض واتباع الجنائز واجابۃ

مسلمان پر پانچ ہین جواب دینا سلام کا اور پوچھنا بیمار کو اور ساتھ جانا جنازہ کے اور قبول کرنا

الدعوۃ وتشمیت العاطس متفق علیہ وعنہ قال قال رسول اللہ

دعوت کا اور جواب دینا چھینک والے کا متفق علیہ۔ اور روایت ہی اوسہین سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم حق المسلم علی المسلم ست قیل ما ھن یا رسول اللہ قال اذا

صلی اللہ علیہ وسلم نے حق مسلمان کا مسلمان پر چھ ہین عرض کیا گیا کیا ہین وہ اے رسول خدا کے فرمایا جبوقت

لقیتہ فسلم علیہ واذا دعاک فاجبہ واذا استنصحک فانصح لہ واذا

کہ ملاقات کرے تو مسلمان سے پس سلام کر اوپر اور جبوقت بلاوے تجکو پس قبول کر اور جبوقت خیر خواہی چاہے تجسے پس خیر خواہی کر

عطس فحمد اللہ فسمتہ واذا مرض فعدہ واذا مات فاتبعہ رواہ

جبوقت چھینکے پھر الحمد للہ کہے پس جواب اوسکو اور جب بیمار ہو پس پوچھ اوسکو اور جبوقت مرجاوے ساتھ جا

مسلم وعن البراء بن عازب قال امرنا النبی صلی اللہ علیہ وسلم بسبع ونھانا عن

مسلم نے۔ اور روایت ہی براء بن عازب سے کہ کہا حکم کیا ہمکو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ چیز دینکا اور منع فرمایا

سبع امرنا بعیادۃ المریض واتباع الجنائز وتشمیت العاطس وردّ السلام

ساتھ چیز دینسے حکم کیا ہمکو ساتھ عیادت بیمار کے اور جانیکے ہمراہ جنازہ کے اور جواب دینے چھینکنے والے کے اور جواب دینے سلام کے

واجابۃ الداعی وابرار المقسم ونصر المظلوم ونھانا عن خاتم الذھب

اور قبول کرنے بلانیوالے کے اور سچا کرنے قسم کھانیوالے اوسکے اور مدد کرنی مظلوم کی اور منع فرمایا ہمکو پہننے انگوٹھی سونے کی سے

وعن الحریر والاستبرق والدیباج والمیثرۃ الحمراء والقسی وآنیۃ

اور پہننے ریشم کے سے اور اطلس کے سے اور دیباج کے سے اور استعمال کرنے زین پوش سرخ کے سے اور کپڑے قسی کے سے

الفضۃ وفی روایۃ وعن الشرب فی الفضۃ فانہ من شرب فیھا فی

چاندی کے سے اور ایک روایت مین ہی پینے سے چاندی کے پاسن مین اسلیے کہ تحقیق جو شخص پیویگا اوسمین

الدنیا لم یشرب فیھا فی الاخرۃ متفق علیہ وعن ثوبان قال قال

دنیا مین نہ پیویگا اوسمین نہ پیچھے آخرت کے متفق علیہ۔ اور روایت ہی ثوبان سے کہ کہا فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُسْلِمَ اِذَا عَادَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ لَمْ يَزَلْ فِيْ خُرْفَةِ الْجَنَّةِ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق مسلمان جبوقت پوچھتا ہے بھائی اپنے مسلمانکو ہمیشہ رہتا ہے پھر میوہ خوری

حَتّٰى يَرْجِعَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یہانتک کہ پھرے روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَا ابْنَ اٰدَمَ مَرِضْتُ فَلَمْ تَعُدْنِيْ قَالَ يَا

تحقیق اللہ تعالی فرماویگا دن قیامت کہ اے بیٹے آدم کے بیمار ہوا میں پس پوچھا تو نے مجکو کہیگا اے

رَبِّ كَيْفَ اَعُوْدُكَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ قَالَ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ عَبْدِيْ فُلَانًا

رب میرے کسطرح پوچھتا میں تجکو اور تو پالنے والا ہے عالمونکا فرماویگا اللہ تعالی کیا نجانا تو نے کہ تحقیق بندہ میرا فلانا

مَرِضَ فَلَمْ تَعُدْهُ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّكَ لَوْ عُدْتَّهُ لَوَجَدْتَنِيْ عِنْدَهُ يَا ابْنَ اٰدَمَ

بیمار ہوا پس پوچھا تو نے اوسکو کیا نہ جانا تو نے یہ کہ اگر پوچھتا تو اوسکو البتہ پاتا مجکو نزدیک اوسکے اے بیٹے آدم کے

اسْتَطْعَمْتُكَ فَلَمْ تُطْعِمْنِيْ قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ اُطْعِمُكَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ

کہانا مانگا میںنے تجسے پس نہ کہلایا تو نے مجھکو کہیگا اے رب میرے کسطرح کہلاتا میں تجکو اور تو ہے پالنیوالا عالمونکا

قَالَ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّهُ اسْتَطْعَمَكَ عَبْدِيْ فُلَانٌ فَلَمْ تُطْعِمْهُ اَمَا

فرماویگا اللہ تعالی کیا نہ جانا تو نے یہ کہ کہانا مانگا تھا تجسے بندے میرے فلانے نے پس نہ کہلایا تو نے اوسکو کیا

عَلِمْتَ اَنَّكَ لَوْ اَطْعَمْتَهُ لَوَجَدْتَ ذٰلِكَ عِنْدِيْ يَا ابْنَ اٰدَمَ اسْتَسْقَيْتُكَ

نہ جانا تو نے یہ کہ اگر کہلاتا اوسکو البتہ پاتا تو اوسکو نزدیک میرے اے بیٹے آدم کے پانی مانگا میںنے تجسے

فَلَمْ تَسْقِنِيْ قَالَ يَا رَبِّ كَيْفَ اَسْقِيْكَ وَاَنْتَ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ قَالَ اسْتَسْقٰى

پس نہ پلایا تو نے مجکو کہیگا اے رب میرے کسطرح پلاتا میں تجکو اور تو پالنے والا عالمونکا ہے فرماویگا اللہ پانی مانگا تجسے

عَبْدِيْ فُلَانٌ فَلَمْ تَسْقِهِ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّكَ لَوْ سَقَيْتَهُ وَجَدْتَ ذٰلِكَ

بندے میرے فلانے نے پس نہ پلایا تو نے اوسکو کیا نہ جانا تو نے یہ کہ اگر پلاتا اوسکو پاتا تو اوسکو

عِنْدِيْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ

نزدیک میرے روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لیگئے

عَلٰى اَعْرَابِيٍّ يَعُوْدُهُ وَكَانَ اِذَا دَخَلَ عَلٰى مَرِيْضٍ يَعُوْدُهُ قَالَ لَا بَاْسَ طَهُوْرٌ

اوپر ایک گنوار کے پاس واسطے پوچھنے حال بیماری اوسکے اور تھے حضرت صلعم جب جاتے بیمار پر کہ پوچھیں اوسکو فرماتے نہیں کچھ ڈر

اِلَی الْعَاصِ اَنَّهٗ شَکٰی اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَجَعًا یَجِدُهٗ فِیْ جَسَدِهٖ فَقَالَ

ابی العاص سے یہ کہ اونہوں نے شکایت کی طرف رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک درد کی کہ پاتے تھے اوسکو اپنے بدن میں پس

لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ضَعْ یَدَكَ عَلَی الَّذِیْ یَأْلَمُ مِنْ جَسَدِكَ وَقُلْ بِسْمِ

واسطے اونکے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھ ہاتھ اپنا اوس جگہہ پر کہ دکھتی ہے بدن تیرے سے اور کہہ بسم

اللّٰهِ ثَلٰثًا وَّقُلْ سَبْعَ مَرَّاتٍ اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَ

اللہ تین بار اور کہہ سات بار پناہ مانگتا ہوں بیچ ساتھ عزت اللہ کے اور قدرت اوسکی برائی اوسچیز کی کہ پاتا

اُحَاذِرُ قَالَ فَفَعَلْتُ فَاَذْهَبَ اللّٰهُ مَا كَانَ بِیْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِیْ

ڈرتا ہوں بیچ کہا عثمان نے پس کیا میں نے پس دور کی اللہ نے وہ بیماری کہ تھی مجھ میں روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی

سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ جِبْرِیْلَ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ اشْتَکَیْتَ

سعید خدری سے یہ کہ جبرئیل علیہ السلام آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس کہا اے محمد کیا بیمار ہے تو

فَقَالَ نَعَمْ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِیْكَ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ یُّؤْذِیْكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ

فرمایا حضرت صلعم نے کہ ہاں کہا جبرئیل نے ساتھ نام خدا کے افسون پڑھتا ہوں تجھپر ہر چیز سے کہ ایذا دیتی تجھکو برائی ہر شخص کیسی

اَوْ عَیْنِ حَاسِدٍ اَللّٰهُ یَشْفِیْكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِیْكَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنِ ابْنِ

یا آنکھ حسد کرنیوالیکی سے اللہ شفا دیوے تجکو ساتھ نام اللہ کے منتر پڑھتا ہوں تجھپر روایت کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابن

عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُعَوِّذُ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ اُعِیْذُكُمَا

عباس سے کہا تھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم پناہ میں دیتے حضرت حسن اور حضرت حسین کو ساتھ اس

بِكَلِمٰتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَیْطٰنٍ وَّهَامَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَیْنٍ لَّامَّةٍ

ساتھ کلمات اللہ تعالی کے کہ پوری ہیں برائی ہر شیطان کی سے اور ہر جانور زہریلے مارڈالنیوالے اور ہر آنکھ

وَیَقُوْلُ اِنَّ اَبَاكُمَا كَانَ یُعَوِّذُ بِهَا اِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَفِی

اور فرماتے حضرت صلعم کہ تحقیق باپ تمہارے پناہ میں رکھتے تھے ساتھ ان کلمات کے اسمعیل و اسحق کو روایت کی یہ بخاری نے اور

اَكْثَرِ نُسَخِ الْمَصَابِیْحِ بِهِمَا عَلٰی لَفْظِ التَّثْنِیَةِ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ

اکثر نسخوں مصابیح کے لفظ بہما کا ساتھ ضمیر تثنیہ کے ہے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ یُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَیْرًا یُصِبْ مِنْهُ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کو کہ ارادہ کرتا ہے اللہ تعالی ساتھ اوسکے بھلائی کا ہو جاتا ہے وہ مصیبت

وَعَنْهُ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا یُصِیْبُ الْمُسْلِمَ مِنْ

اور روایت ہے اوسی سے اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ نقل کرتے ہیں نبی صلعم سے فرمایا نہیں پہنچتا مسلمان کو کوئی

نَصَبٍ وَّلَا وَصَبٍ وَّلَا هَمٍّ وَّلَا حُزْنٍ وَّلَا اَذًى وَّلَا غَمٍّ حَتَّی الشَّوْكَةِ یُشَاكُهَا

رنج اور نہ کوئی دکھ اور نہ کوئی فکر اور نہ غم اور ستایا

اِلَّا كَفَّرَ اللّٰہُ بِهَا مِنْ خَطَایَاهُ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ

مگر جہاڑتا ہے اللہ تعالی بسبب اوسکے گناہ - متفق علیہ - اور روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہ کہا

دَخَلْتُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَهُوَ یُوْعَكُ فَمَسَسْتُهُ بِیَدِیْ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ

گیا میں حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور حضرت بخار میں تھے پس لگایا میں نے اوسکو ہاتھ اپنا پر کہا میں نے اے رسول

اللّٰہِ اِنَّكَ لَتُوْعَكُ وَعْكًا شَدِیْدًا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَجَلْ اِنِّیْ اُوْعَكُ

خدا کے آپکو ہوتا ہے بخار سخت پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاں تحقیق مجھے بخار ہوتا ہے

كَمَا یُوْعَكُ رَجُلَانِ مِنْكُمْ قَالَ فَقُلْتُ ذٰلِكَ لِاَنَّ لَكَ اَجْرَیْنِ قَالَ اَجَلْ

مانند بخار دو شخصوں کے تم میں سے کہا ابن مسعود نے پس کہا میں نے یہ اسواسطے کہ ہو ترا واسطے تمہارے دگنا فرمایا پس فرمایا

ثُمَّ قَالَ مَا مِنْ مُّسْلِمٍ یُصِیْبُهُ اَذًی مِّنْ مَّرَضٍ فَمَا سِوَاهُ اِلَّا حَطَّ اللّٰہُ

پھر فرمایا نہیں کوئی مسلمان کہ پہنچے اوسکو ایذا مرض سے اور وہ چیز سوا اوسکے گرا دور کرتا ہے اللہ تعالی

بِهٖ سَیِّئَاتِهٖ كَمَا تَحُطُّ الشَّجَرَةُ وَرَقَهَا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ

بسبب اوسکے گناہ اوسکے جیسے کہ جہاڑتا ہے درخت پتے اپنے متفق علیہ - اور روایت ہے عائشہ سے کہا

مَا رَاَیْتُ اَحَدًا اَشَدَّ عَلَیْہِ الْوَجَعُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ

نہیں دیکھا میں نے کسیکو کہ بیماری اوسپر سخت تر ہو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری سے متفق علیہ

وَعَنْهَا قَالَتْ مَاتَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَیْنَ حَاقِنَتِیْ وَذَاقِنَتِیْ فَلَا اَكْرَهُ

اور روایت ہے اوسی سے عائشہ سے کہا وفات ہوئی نبی صلعم کی درمیان چگنے میرے اور ٹھوڑی میرے پس نہیں مکروہ جانتا

شِدَّةَ الْمَوْتِ لِاَحَدٍ اَبَدًا بَعْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَعَنْ

سختی موت کی واسطے کسیکے کبھی بیچے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے روایت کی یہ بخاری نے - اور روایت ہے

كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَمَثَلِ الْخَامَةِ

کعب بن مالک سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے مثل مومن کے مانند مثل پتے تر و تازہ

مِنَ الزَّرْعِ تُفَيِّئُهَا الرِّيَاحُ تَصْرَعُهَا مَرَّةً وَتَعْدِلُهَا أُخْرٰى حَتّٰى يَأْتِيَهُ

کھیتی کے ہے جبکا تی ہین اوسکو باوین گراوتی ہین اوسکو کبھی اور سیدھا کردیتی ہین کبھی یہانتک کہ آتی ہے اوسکو

اَجَلُهُ وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ كَمَثَلِ الْاَرْزَةِ الْجَذِيَةِ الَّتِيْ لَا يُصِيْبُهَا شَيْءٌ حَتّٰى

موت اور مثل منافق کے مانند مثل درخت صنوبر کے ہے کہ محکم اور ثابت ہوتا ہے کہ نہین پہنچتی اوسکو کوئی چیز یہانتک

يَكُوْنَ اِنْجِعَافُهَا مَرَّةً وَّاحِدَةً مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ

ہوتا ہے اکثر ٹانا اوسکا ایکدفعہ نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَمَثَلِ الزَّرْعِ لَا تَزَالُ الرِّيْحُ تُمِيْلُهُ وَلَا يَزَالُ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مثل مومن کی مانند مثل کھیتی کے ہی ہمیشہ رہتی ہین باوین جھکاتی اوسکو اور ہمیشہ رہتا ہے

الْمُؤْمِنُ يُصِيْبُهُ الْبَلَاءُ وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ كَمَثَلِ شَجَرَةِ الْاَرْزَةِ لَا تَهْتَزُّ

مومن پہنچتی ہے اوسکو بلا اور مثل منافق کے مانند مثل درخت صنوبر کے ہی کہ نہین ہلتا

حَتّٰى تَسْتَحْصِدَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یہان تک کہ اوکھاڑا جاتا ہے متفق علیہ ۔ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا تشریف لائے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

عَلٰى اُمِّ السَّائِبِ فَقَالَ مَا لَكِ تُزَفْزِفِيْنَ قَالَتِ الْحُمّٰى لَا بَارَكَ اللّٰهُ فِيْهَا

ام سائب کے پاس پوچھا کیا ہے واسکو تیز کانپتی ہے کہا اوسنے تب ہے نہ برکت دی اللہ اوسمین

فَقَالَ لَا تَسُبِّيْ الْحُمّٰى فَاِنَّهَا تُذْهِبُ خَطَايَا بَنِيْ اٰدَمَ كَمَا يُذْهِبُ الْكِيْرُ

پس فرمایا حضرت نے مت برا کہہ تپ کو پس بیشک کہ تحقیق تپ دور کرتی ہے گناہ بنی آدم کے جیسے دور کرتی ہے بھٹی

خَبَثَ الْحَدِيْدِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

میل لوہے کا نقل کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابوموسی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَرِضَ الْعَبْدُ اَوْ سَافَرَ كُتِبَ لَهٗ مِثْلُ مَا كَانَ يَعْمَلُ مُقِيْمًا صَحِيْحًا رَوَاهُ

علیہ وسلم نے جسوقت کہ بیمار ہوتا ہے بندہ یا سفر کرتا ہے لکھا جاتا ہے واسکے اوسکی مانند اوس چیز کے کہ عمل کرتا تھا کہ ہے

الْبُخَارِيُّ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلطَّاعُوْنُ شَهَادَةٌ لِّكُلِّ

بخاری نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے طاعون شہادت ہے ہر

مُسْلِمٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مسلمان کی متفق علیہ ۔ اور روایت ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

الشُّهَدَاءُ خَمْسَةٌ الْمَطْعُونُ وَالْمَبْطُونُ وَالْغَرِيقُ وَصَاحِبُ الْهَدْمِ وَالشَّهِيدُ

شہداء پانچ ہین ایک طاعون زدہ دوسرا جو پیٹ کی بیماری سے مرے تیسرا ڈوبنے والا چوتھا دبنے والا پانچوان شہید

فِي سَبِيلِ اللّٰهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

بیچ راہ خدا کے متفق علیہ ۔ اور روایت ہے عائشہ سے کہا پوچھا مینے رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الطَّاعُونِ فَأَخْبَرَنِي أَنَّهُ عَذَابٌ يَبْعَثُهُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ يَشَاءُ

علیہ وسلم سے حقیقت طاعون کی سے پس خبر دی مجکو یہ کہ عذاب ہے بھیجتا ہے اوسکو اللہ اپنے بندون پر جسپر چاہے

وَأَنَّ اللّٰهَ جَعَلَهُ رَحْمَةً لِلْمُؤْمِنِينَ لَيْسَ مِنْ أَحَدٍ يَقَعُ الطَّاعُونُ فَيَمْكُثُ

اور تحقیق اللہ نے گردانا ہے اوسکو رحمت واسطے مومنون کے نہین کوئی کہ ہووے طاعون پس ٹھیرا رہے

فِي بَلَدِهِ صَابِرًا مُحْتَسِبًا يَعْلَمُ أَنَّهُ لَا يُصِيبُهُ إِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ إِلَّا كَانَ

بیچ شہر اپنے کے صبر کرنیوالا اور طلب کرنیوالا ثواب کا نہ اور غرض کیے جانتا ہے یہ کہ نہین پہنچیگی اوسکو مگر وہ چیز کہ لکھی ہے اللہ

لَهُ مِثْلُ أَجْرِ شَهِيدٍ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ

واسطے اوسکے مانند ثواب شہید کے روایت کی یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہے اسامہ بن زید سے کہا فرمایا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الطَّاعُونُ رِجْزٌ أُرْسِلَ عَلَى طَائِفَةٍ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے طاعون عذاب ہے بھیجا گیا تھا ایک جماعت پر بنی اسرائیل سے

أَوْ عَلَى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَإِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ بِأَرْضٍ فَلَا تَقْدَمُوا عَلَيْهِ وَإِذَا وَقَعَ

یا فرمایا ان لوگون پر کہ پہلے تمسے پس جبکہ سنو تم طاعون ایک زمین مین پس نہ جاؤ اوسمین اور جبکہ واقع ہو

بِأَرْضٍ وَأَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ

ایک زمین مین اور ہو تم اوسمین پس نہ نکلو بھاگ کر اوس سے متفق علیہ ۔ اور روایت ہے انس سے کہا

سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ قَالَ اللّٰهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى إِذَا ابْتَلَيْتُ عَبْدِي

سنا مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ فرماتا ہے اللہ پاک ہے وہ اور بلند ہے جبوقت کہ بتلا کرتا ہون مین

بِحَبِيبَتَيْهِ ثُمَّ صَبَرَ عَوَّضْتُهُ مِنْهُمَا الْجَنَّةَ يُرِيدُ عَيْنَيْهِ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ

ساتھ دو پیارون اوسکے پر صبر کرتا ہے دیتا ہون مین اوسکو عوض ان دونون کے بہشت ارادہ کرتے تھے حضرت ۴ دو پیارون سے

الْفَصْلُ الثَّانِي عَنْ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ

فصل دوسری روایت ہے علی رضہ سے کہا سنا مینے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے

مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَعُوْدُ مُسْلِمًا غُدْوَةً اِلَّا صَلّٰى عَلَيْهِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ حَتّٰى

نہیں کوئی مسلمان کہ عیادت کرے مسلمان کی اول روز مگر کہ دعا کرتے ہیں اوسکے لیے ستر ہزار فرشتے یہانتک کہ

يُمْسِيَ وَاِنْ عَادَهُ عَشِيَّةً اِلَّا صَلّٰى عَلَيْهِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ حَتّٰى يُصْبِحَ

شام کرے اور نہیں عیادت کرتا اوسکی آخر روز مگر کہ دعا کرتے ہیں اوسکے لیے رحمت و مغفرت کی ستر ہزار فرشتے یہانتک کہ صبح ہو

وَكَانَ لَهُ خَرِيْفٌ فِي الْجَنَّةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ

اور ہوتا ہے واسطے اوسکے باغ بہشت مین روایت کی یہ ترمذی اور ابوداؤد نے - اور روایت ہے زید بن

اَرْقَمَ قَالَ عَادَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ وَّجَعٍ كَانَ بِعَيْنِيْ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ

ارقم سے کہ کہا عیادت کی میری نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بسبب درد کے کہ تھا آنکھون میر یہ مین روایت کی یہ احمد اور

اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ

ابوداؤد نے - اور روایت ہے انس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ وضو کرے پس اچھا

الْوُضُوْءَ وَعَادَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ مُحْتَسِبًا بُوْعِدَ مِنْ جَهَنَّمَ مَسِيْرَةَ سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا

وضو کرے اور عیادت کرے بھائی اپنے مسلمان کی بقصد ثواب کے دور کیا جاتا ہے دوزخ سے مقدار ساٹھ برس کے

رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ

روایت کی یہ ابوداؤد نے - اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی

مُسْلِمٍ يَعُوْدُ مُسْلِمًا فَيَقُوْلُ سَبْعَ مَرَّاتٍ اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ

مسلمان کہ پوچھے بیمار مسلمان کو پھر کہے سات بار سوال کرتا ہون مین اللہ بزرگ پروردگار عرش

الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ اِلَّا شَفَاهُ اللّٰهُ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ قَدْ حَضَرَ اَجَلُهٗ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ

بڑی کے سے یہ کہ شفا دے تجکو مگر کہ شفا دیا جاتا ہے وہ مگر یہ کہ حاضر ہو اجل اوسکی روایت کی یہ ابوداؤد

وَالتِّرْمِذِيُّ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَلِّمُهُمْ مِنَ الْحُمّٰى وَمِنَ

اور ترمذی نے - اور روایت ہے اوسی سے نہیں سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے سکھلاتے صحابہ کو واسطے تپ کے بلکہ

